

Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15
جمعۃ المبارک، 19 اپریل 2024ء، 10 شوال المکرم 1445ھ، قیمت 10 روپے
شمارہ 38

وزیراعلیٰ مریم نواز کی سکھ زائرین کو پنجاب میں سیاحت کی دعوت

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کرتارپور آمد، گندم کا سنہرے خوشہ کاٹ کر بیساکھی کا باضابطہ آغاز کیا، بابا گرونانک کے کھیت میں کٹائی کا اعزاز پر اظہار مسرت

بھارت سے آنے والے سکھوں کے جتھہ لیڈر کا وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا شکریہ، پنجاب حکومت کے بہترین اقدامات اور انتظامات کو سراہا

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف گوردوارہ دربار صاحب کرتارپور میں کھیت صاحب میں گندم کی کٹائی کا آغاز کر رہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کرتارپور راہداری زیرو لائن کا دورہ کیا اور کھیتی صاحب میں سنہری درانتی سے گندم کا سنہرے خوشہ کاٹ کر بیساکھی کا باضابطہ آغاز کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بابا گرونانک کے کھیت میں کٹائی کا اعزاز حاصل کرنے پر مسرت کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی پاک درشن ڈیوڑھی آمد پر سکھ زائرین نے پرتپاک استقبال کیا۔(بقیہ نمبر 1)

بجلی ایک ماہ کیلئے مہنگی کرنے کی درخواست پر سماعت 26 اپریل کو ہوگی

مارچ میں 7 ارب 75 کروڑ 60 لاکھ یونٹس بجلی فروخت ہوئی، نیپرا

اسلام آباد (این این آئی) مارچ کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی ایک ماہ کے لیے مہنگی کرنے کی درخواست پر سماعت 26 اپریل کو ہوگی۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے کہا کہ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) کی جانب سے بجلی 2 روپے 94 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست جمع کرائی گئی ہے۔ نیپرا کے مطابق سی پی پی اے نے اضافہ مارچ کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں مانگا ہے۔ سی پی پی اے (بقیہ نمبر 2)

اسرائیل پر ایرانی حملہ انتہائی کامیاب تھا، برطانوی تھنک ٹینک کا برملاء اعتراف

ایران کی جانب سے اسرائیل کے خلاف ڈرون و میزائل حملوں کہ جو کئی گھنٹوں تک جاری رہے

لندن (این ای این) ناکامی کے بعض دعووں کے باوجود اسرائیل کے خلاف ایران کا حملہ بڑی حد تک کامیاب رہا ہے کہ جس کے دوران تہران نے اپنی پیشرفتہ عسکری صلاحیتوں کا کھل کر مظاہرہ بھی کیا ہے "یہ الفاظ معروف (بقیہ نمبر5)

پاکستان کو جس چیز نے بچایا وہ زراعت ہے، ندیم افضل چن

پیپلز پارٹی کا تو منشور ہی روٹی کپڑا مکان ہے جب کاشتکار خوشحال ہوتا ہے تو دکاندار بھی خوشحال ہوتا ہے

اسلام آباد (این ای این) سینئر رہنما پاکستان پیپلز پارٹی ندیم افضل چن نے "زراعت پر حکومتی پالیسی اور کسانوں کے مسائل" بارے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو جس چیز نے بچایا وہ زراعت ہے ۔(بقیہ نمبر 4)

وفاقی حکومت نے اسلحہ لائسنس کے اجراء پر پابندی ختم کردی

اسلحہ لائسنس بنوانے کے خواہشمند شہریوں کو وزارت داخلہ سے اجازت حاصل کرنی ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (این ای این) حکومت کی طرف سے نئے اسلحہ لائسنس کے اجراء پر عائد پابندی ہٹائی جا چکی ہے، جس کے تمام وہ تمام پاکستانی اسلحہ لائسنس بنوا سکتے ہیں، جن کی عمر 25 سال ہے اور ان کے پاس قومی شناختی کارڈ یا (بقیہ نمبر 3)

دہشتگردی قومی سلامتی کیلئے خطرہ، صدر مملکت

پڑوسی ممالک سے دہشتگرد گروہوں کا سختی سے نوٹس لینے کی توقع رکھتے ہیں مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ، قومی سرحدوں کے دفاع میں بے پناہ قربانیاں دی

چین پاکستان اقتصادی راہداری کی تکمیل سمیت مشترکہ اہداف کے فروغ کیلئے چین کے ساتھ کام کرتے رہیں گے، ہم دشمن عناصر کو اہم منصوبے کو خطرے میں ڈالنے، دونوں ممالک کے مابین مضبوط تعلق کو کمزور کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، آصف علی زرداری

موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے خطرات کم کرنے کیلئے ماحول دوست اور موسمیاتی طور پر پائیدار انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کرنا ہوگی، تمام صوبائی حکومتیں تعلیمی شعبے میں تبدیلی لانے کیلئے اصلاحات پر توجہ اور توانائی مرکوز کریں

بھارت 5 اگست 2019 اور اس کے بعد لیے گئے تمام غیر قانونی اقدامات واپس لے، حق خودارادیت کے حصول تک پاکستان مقبوضہ کشمیر کے عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا،

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ دہشت گردی سے ہماری قومی سلامتی، علاقائی امن وخوشحالی کو خطرہ ہے، پڑوسی ممالک سے دہشت گرد گروہوں کا سختی سے نوٹس لینے کی توقع رکھتے ہیں، مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ، قومی سرحدوں کے دفاع میں بے پناہ قربانیاں دی، چین پاکستان اقتصادی راہداری کی تکمیل سمیت مشترکہ اہداف کے فروغ کیلئے چین کے ساتھ کام کرتے رہیں گے، ہم دشمن عناصر کو اہم منصوبے کو خطرے میں ڈالنے، دونوں ممالک کے مابین مضبوط تعلق کو کمزور کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، سیاسی قیادت، اداروں، سول سوسائٹی اور نوجوانوں کی صلاحیتوں پر پورا اعتماد ہے، آپ ہماری قوم کو درپیش متعدد چیلنجز سے کامیابی کے ساتھ نمٹ سکتے ہیں، آج ایک نئے باب کا آغاز کرنے کا وقت ہے، اپنے لوگوں پر سرمایہ کاری کرنے، عوامی ضروریات پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی، ہمیں اپنے (بقیہ نمبر 9)

نارووال: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف گوردوارہ صاحب کرتارپور کے لنگر خانے میں سکھ یاتری خواتین کے ساتھ کھانا کھا رہی ہیں

یوٹیلیٹی اسٹورز پر وزیراعظم ریلیف پیکیج جاری رکھنے کا فیصلہ

چینی، آٹا، گھی، دالوں اور چاول پر کم آمدن صارفین کو سبسڈی ملے گی

لاہور (این این آئی) حکومت نے یوٹیلیٹی اسٹورز پر رمضان پیکج ختم ہونے کے بعد یوٹیلیٹی اسٹورز پر وزیراعظم ریلیف پیکج جاری رکھنے کا فیصلہ کرلیا۔ حکام کے مطابق وزیراعظم ریلیف پیکج کے تحت 5 بنیادی اشیاء پر سبسڈی برقرار رہے گی، چینی، آٹا، گھی، دالوں اور چاول پر بی آئی ایس پی صارفین کو سبسڈی ملے گی۔ وزیراعظم ریلیف پیکج کے تحت ماہانہ (بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم نے بدر شہباز وڑائچ کو اپنا میڈیا کوآرڈینیٹر مقرر کردیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے بدر شہباز وڑائچ کو اپنا میڈیا کوآرڈینیٹر مقرر کردیا۔ کابینہ ڈویژن نے بدر شہباز کی وزیراعظم کے میڈیا کوآرڈینیٹر کے طور پر تقرری کا نوٹیفکیشن بھی (بقیہ نمبر 7)

سپیکر قومی اسمبلی سے برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات

سردار ایاز صادق کا پاک برطانیہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر زور

دونوں دوست ممالک کے مابین عوامی سطح پر رابطوں میں اضافے سے دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ ملے گا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ پاکستان برطانیہ کے ساتھ اپنے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے جو باہمی احترام اور اعتماد کی مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں۔ دونوں دوست ممالک کے مابین عوامی سطح پر رابطوں میں اضافے سے دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ ملے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان میں تعینات برطانوی ہائی کمشنر جین (بقیہ نمبر 10)

صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری پریس کلب کالونی کے دورے کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

سید یوسف رضا گیلانی سے سیدال خان ناصر کی ملاقات

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے سید یوسف رضا گیلانی کو چیئرمین سینیٹ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور ان کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

ایوان بالا میں ملکی ترقی وخوشحالی کے لئے بہترین قانون سازی عمل میں لائی جائے گی، چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے سید یوسف رضا گیلانی کو چیئرمین سینیٹ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور ان کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ایوان بالا میں ملکی ترقی وخوشحالی کے لئے بہترین قانون سازی (بقیہ نمبر 8)

چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی سے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ملاقات

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پارلیمنٹ ہاؤس ملاقات کی۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے چیئرمین سینیٹ کا عہدہ سنبھالنے پر سید یوسف رضا گیلانی کو مبارک باد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے دونوں ایوانوں کے درمیان (بقیہ نمبر12)

ایف بی آر نے سی این جی سپلائی پر سیلز ٹیکس میں اضافہ کردیا

200 روپے ویلیو کی بنیاد پر 18 فیصد کے حساب سے سیلز ٹیکس لاگو ہوگا

لاہور (این این آئی) سی این جی سپلائی پر سیلز ٹیکس میں اضافہ کردیا گیا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ریجن ون کیلئے (بقیہ نمبر 11)

9 مئی کے ذمہ دار آج ملکی مفاد پر حملہ کر رہے ہیں، وزیر اطلاعات

تحریک انصاف نے پہلے ملکی مفاد کے خلاف بیان دیا پھر اس سے لاتعلقی کا اظہار کیا، یہ پی ٹی آئی کا پرانا وطیرہ ہے

اپنے سیاسی مفاد اور انا کو ملکی مفاد پر ترجیح دینا قابل مذمت اور افسوسناک ہے، وزیر اطلاعات کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ نے کہا ہے کہ 9 مئی کے حملہ آور آج ملکی مفاد پر حملہ آور ہیں، ملکی مفاد کے خلاف بات کرنے والا پاکستان کا دشمن ہے، اپنے سیاسی مفاد اور انا کو ملکی مفاد پر ترجیح دینا قابل مذمت اور افسوسناک ہے۔ جمعرات کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ تحریک انصاف نے پہلے ملکی مفاد کے خلاف بیان دیا پھر اس سے لاتعلقی کا اظہار کیا، یہ پی ٹی آئی کا پرانا وطیرہ ہے، ان کا لیڈر پہلے ہی کرپشن کے مقدمات بھگت رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک (بقیہ نمبر 19)

کمشنران لینڈ ریونیو اپیل کے دفاتر ختم کرنے کی تیاری

دفاتر کو ختم کرنے کے لیے قانون سازی پارلیمان کے ذریعے جلد کی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے کمشنران لینڈ ریونیو اپیل کے دفاتر ختم کرنے کی تیاری کرلی۔ جی ٹی وی کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ دفاتر کو ختم کرنے (بقیہ نمبر 26)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین ڈائریکٹوریٹ آف کنزیومر پروٹیکشن کونسل کے ہرانگ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور کے صحافیوں کیلئے جلد فیز ٹو لا رہے ہیں، عظمیٰ بخاری

ہماری ڈکشنری میں فیورٹ ازم نہیں، ماضی میں ایک وزیراعلیٰ نے پسند ناپسند پر کچھ فیصلے کئے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ لاہور کے صحافیوں کے لئے جلد فیز ٹو لا رہے ہیں، ہماری ڈکشنری میں فیورٹ ازم نہیں۔ صحافی کالونی کے دورہ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 13)

سکولوں کے اوقات کار میں کمی، تبدیلی کا نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) سکول ایجوکیشن اتھارٹی لاہور نے سکولوں کے اوقات کار میں 15 منٹ کی کمی کر دی۔ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور نے سکولوں کے اوقات کار میں تبدیلی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گرلز سکول صبح 7 بج کر 45 منٹ پر کھلیں گے جبکہ چھٹی ایک بج کر 15 منٹ پر ہوگی، بوائز (بقیہ نمبر 20)

آئندہ جنوری میں پرنٹنگ، فروری میں کتب تقسیم کا مرحلہ مکمل کیا جائے گا

پڑھا لکھا پنجاب، بڑھے گا پنجاب جیسے تعلیمی تجربات سے استفادہ کیا جائے گا، وزیر تعلیم

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات سے سابق وزیر تعلیم میاں عمران مسعود نے ملاقات کی۔ دونوں رہنماں کے درمیان صوبے کے تعلیمی مسائل اور چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور تعلیمی چیلنجز کے احاطہ کیلئے بیشتر امور پر مشاورت کی گئی۔ سابق (بقیہ نمبر 25)

قائمقام صوبائی الیکشن کمشنر سائیں بخش چند 14 حلقوں میں ضمنی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

بلوچستان کے نوجوانوں کو ترقیاتی عمل میں شامل کرنے کی ضرورت ہے

بیروزگاری اور غربت کے خاتمے کے لیے جامع منصوبہ بندی وقت کی اہم ضرورت ہے، ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، سینیٹر سلیم مانڈوی والا اور سینیٹر دنیش کمار نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، سینیٹر سلیم مانڈوی والا اور سینیٹر دنیش کمار نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ منتخب ہونے پر مبارکباد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔ ملاقات کے دوران شرکاء نے صوبہ بلوچستان (بقیہ نمبر 14)

مریدکے، گاڑی دیوار سے ٹکرانے سے بہن بھائی جاں بحق

فیملی لاہور سے گجرات جارہی تھی، حادثہ ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث پیش آیا

مریدکے (این این آئی) مریدکے جی ٹی روڈ پر ایوری ڈبہ دیوار سے ٹکرا گیا جس کے نتیجے میں لاہور کے رہائشی بہن بھائی جاں بحق اور تین افراد شدید زخمی ہو(بقیہ نمبر 21)

شہری کو 4 لاکھ سے زائد کا کنڈے کا بل موصول

عدالت کی کے الیکٹرک حکام کو شہری سے مل کر مسئلہ حل کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) شہری کو 4 لاکھ سے زائد کا کنڈے کا بل موصول ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ ہائیکورٹ میں بجلی میٹر کے باوجود کنڈے کا بل بھیجنے پر (بقیہ نمبر 22)

پنجاب میں ورلڈ بنک کا خاندانی منصوبہ بندی پروگرام کے جائزہ کے لئے

ورلڈ بنک مشن کے وفد کا محکمہ بہبود آبادی ہیڈ کوارٹر کا دورہ

ورلڈ بنک کے وفد کو ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے و دیگر افسرن نے خوش آمدید کہا

ورلڈ بنک مشن کے وفد کا صوبہ میں خاندانی منصوبہ بندی پروگرام کے جائزہ اجلاس میں شرکت

ورلڈ بنک کا پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام معیاری خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک مفت رسائی فراہم کرے گا

یہ پروگرام خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کی فراہمی کے نظام میں دیکھ بھال کے معیار کو بھی ادارہ جاتی بنائے گا

کلینیکل فرنچائزنگ، واؤچر سکیمیں، اور کمیونٹی لیڈرز کے ذریعے فیملی پلاننگ کونسلنگ جیسی اختراعات کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگا

خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کیلئے واؤچر ترغیبی اسکیم، سماجی مارکیٹنگ، مرد اور کمیونٹی رہنماؤں کی مصروفیت اور نوجوانوں کے پلیٹ فارم کو بڑھائے گا

ورلڈ بنک کے مشن کا پنجاب میں جاری خاندانی منصوبہ بندی پروگرام کی تعریف کی اور اطمینان کا اظہار

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب میں ورلڈ بنک کا خاندانی منصوبہ بندی پروگرام کے جائزہ کیلئے ورلڈ بنک مشن کے وفد نے آج محکمہ بہبود آبادی کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے، محکمہ پاپولیشن ویلفیئر و پی پی آئی ایف و دیگر افسران نے ورلڈ بنک مشن کے وفد کو خوش آمدید کہا۔ پنجاب میں جاری ورلڈ بنک کا خاندانی منصوبہ بندی پروگرام کے سلسلہ میں جائزہ اجلاس میں ورلڈ بنک کے نمائندگان اور محکمہ کے افسران نے شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے نے منعقدہ اجلاس میں وفد کو بتایا کہ ورلڈ بنک کا پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام معیاری خاندانی منصوبہ (بقیہ نمبر 27)

ڈائریکٹر جنرل محکمہ پاپولیشن ویلفیئر ثمن ورلڈ بنک مشن کے وفد کو پنجاب میں ورلڈ بنک کا خاندانی منصوبہ بندی پروگرام کے بارے آگاہی دے رہی ہیں

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور وزیر خوراک بلال یاسین گورنمنٹ میاں منشی ہسپتال میں ری ویمپنگ منصوبے کا جائزہ لے رہے ہیں

سینئر کلرک محکمہ ایجوکیشن رشوت لیتے رنگے ہاتھوں گرفتار

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب سہیل ظفر چٹھہ کی پنجاب بھر میں کرپٹ اور بدعنوان عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں کرنے کی ہدایت پر عمل درآمد کرتے ہوئے اینٹی کرپشن گوجرانوالہ نے چھٹی کی منظوری دینے کے لئے شہری سے رشوت طلب کرنے والے سینئر کلرک محکمہ ایجوکیشن گوجرانوالہ منیر احمد قیصر کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ شہری کی شکایت پر (بقیہ نمبر 15)

واشنگٹن ڈی سی: مسٹر ڈونالڈ لو، اسسٹنٹ سیکرٹری اور امریکی محکمہ خارجہ کی پرنسپل ڈپٹی اسسٹنٹ سیکرٹری محترمہ الزبتھ ہورسٹ نے وزیر خزانہ مسٹر محمد اورنگزیب سے ورلڈ بینک ہیڈکوارٹر میں ملاقات

سپریم کورٹ، پی بی 51 کے 12 پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ انتخاب کروانے کا حکم معطل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے بلوچستان کے حلقہ پی بی 51 کے 12 پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ انتخابات کروانے کا الیکشن کمیشن کا حکم معطل کردیا۔ حلقے کے 12 پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کے خلاف عوامی نیشنل پارٹی کے اصغر خان کی درخواست پر (بقیہ نمبر 16)

اپوزیشن اور پیپلز پارٹی کے اراکین کے درمیان ہاتھا پائی ہوتے ہوئے رہ گئی

اپوزیشن کے شدید احتجاج، نعرے بازی کے باعث ایوان مچھلی منڈی بن گیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری کے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کے دوران اپوزیشن اور پیپلز پارٹی کے اراکین کے درمیان ہاتھا پائی ہوتے ہوئے رہ گئی، اپوزیشن کے شدید احتجاج، نعرے بازی کے باعث ایوان مچھلی منڈی بن گیا، سیٹیاں، باجے بجتے رہے تاہم صدر اپنی تقریر کرتے رہے۔ جمعرات کو پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی سربراہی میں منعقد ہوا، چیئرمین سینٹ (بقیہ نمبر 17)

نارووال میں گاڑی کی ٹکر سے بچے کی ہلاکت، وزیراعلیٰ کا نوٹس

گاڑی کی نشاندھی اور ملزمان کی گرفتاری کا حکم جاری کردیا ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے نارووال میں گاڑی کی ٹکر سے بچے کی ہلاکت کا نوٹس لے لیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر فوری مقدمہ درج کر دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے فوراکاروائی کی ہدایت جاری کی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے گاڑی کی نشاندھی اور ملزمان کی گرفتاری کا (بقیہ نمبر 23)

گیس چوری کریک ڈاؤن، مزید 162 گیس کنکشن منقطع

82 لاکھ زائد کے جرمانے بھی عائد، لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 گیس کنکشن منقطع کیا

بہاولپور میں غیر قانونی استعمال پر 2 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر بھی 7 گیس کنکشن منقطع کیے گئے

لاہور (نمائندہ خصوصی) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 162 گیس کنکشن منقطع کردیے۔ جبکہ 82 لاکھ زائد کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 گیس کنکشن منقطع کیا۔ بہاولپور میں غیر قانونی استعمال پر 2 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر بھی 7 گیس کنکشن منقطع کیے گئے اور 3 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 12 گیس کنکشن منقطع کیے گئے جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 3 گیس کنکشن منقطع کیے گئے مزید 2 FIRs بھی درج کی گئی۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور/کرک میں میٹر (بقیہ نمبر 18)

متروکہ وقف املاک بورڈ کی 40 ارب مالیت کی ٹرسٹ اراضی واگزار

بقایا جات کی مد میں 2 ارب روپے کی رقم ریکوری کی گئی، سربراہ ون مین کمیشن شعیب سڈل کی بریفنگ

لاہور (این این آئی) متروکہ وقف املاک بورڈ کی 40 ارب مالیت کی ٹرسٹ اراضی واگزار کروائی گئیں جبکہ بقایا جات کی مد میں 2 ارب روپے کی رقم ریکوری کی گئی۔ یہ باتیں سپریم کورٹ کی جانب سے مقرر کیے گئے ون مین کمیشن کے سربراہ شعیب سڈل نے متروکہ وقف املاک بورڈ میں منعقدہ جائزہ اجلاس کے بعد میڈیا کے نمائندوں کو (بقیہ نمبر 24)

صدر مملکت آصف علی زرداری نے سینیٹ اجلاس 22 اپریل کو طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سینیٹ اجلاس 22 اپریل بروز پیر شام 5 بجے طلب کرلیا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے سینیٹ اجلاس آئین کے آرٹیکل 54 (1) کے تحت طلب کیا۔

پنجاب حکومت اور نانبائیوں میں تنازعہ شدت اختیار کر گیا

روٹی اور نان کی قیمتیں کم کرنے کا نوٹیفکیشن فوری واپس لینے کا مطالبہ

راولپنڈی (این این آئی) نانبائی ایسوسی ایشن کے صدر کی گرفتاری اور روٹی کی قیمتوں کے معاملے پر پنجاب حکومت اور نانبائیوں میں تنازعہ شدت اختیار کرگیا، نانبائیوں نے سرکاری نرخ پر نان بیچنے سے صاف انکار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگی گیس پر سستی روٹی کی فروخت ممکن نہیں، راولپنڈی میں سینکڑوں تندور بند کر دیئے۔ نانبائی ایسوسی ایشن نے اپنے رہنما شفیق قریشی کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ سستی روٹی کے غیر حقیقت (بقیہ نمبر 28)

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

264ویں کور کمانڈرز کانفرنس

چیف آف آرمی سٹاف سید جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاک فوج دہشت گردوں کے خاتمہ کے لئے پرعزم ہے۔ فوج اور عوام میں دراڑیں ڈالنے کی کوشش کامیاب نہیں ہونے دیں گے، پراپیگنڈہ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ گزشتہ روز جی ایچ کیو راولپنڈی میں 264ویں کور کمانڈرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف نے کہا کہ افغانستان سے سرگرم دہشت گرد پاکستان کے اقتصادی مفادات اور سی پیک کے خلاف پراکسی کے طور پر کام کر رہے ہیں جن کی سرکوبی کے لئے ہم پرعزم ہیں۔ کور کمانڈرز کانفرنس میں مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی جارحیت اور غزہ میں اسرائیل کے جنگی جرائم اور نسل کشی کی مذمت کی گئی اور ملک کی ترقی کے لئے اور سمگلنگ، ذخیرہ اندوزی، بجلی چوری کے تدارک اور غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کے لئے حکومت کو بھرپور تعاون فراہم کرنے کا اعادہ کیا گیا۔

اس وقت ملک کو جن سنگین بحرانوں اور چیلنجز کا سامنا ہے ان میں دہشت گردی کا پھیلتا ناسور سرفہرست ہے جبکہ ہمارے مکار دشمن بھارت کا یہی ایجنڈہ ہے کہ وہ دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کو اقتصادی، مالی اور دفاعی طور پر کمزور کر کے اس کی سلامتی پر شب خون مارے۔ عساکر پاکستان تو یقیناً دفاع وطن کے لئے ہمہ وقت مستعد و چوکس ہیں اور دشمن کے دانت کھٹے کر کے اس کی ہر سازش ناکام بنا رہی ہیں تاہم بحیثیت قوم ملک کی سلامتی پر کوئی آنچ نہ آنے دینا اور ملک کے سیاسی و اقتصادی استحکام کے لئے فرداً فرداً حصہ ڈالنا شہریوں کی بھی ذمہ داری ہے جن کے ڈھال بننے سے افواج پاکستان کو بھی نیا حوصلہ ملتا ہے۔ بدقسمتی سے ملک کے بدخواہوں اور یہاں موجود دشمن کے ایجنٹوں نے پاکستان کی سلامتی کے خلاف دشمن کے ہاتھ مضبوط کرنے کے لئے قوم میں ریاستی اداروں بالخصوص افواج پاکستان کے خلاف مجہول پراپیگنڈے کے ذریعے منافرت کی فضا گرمانے کی سازشیں کیں جس کے لئے سوشل میڈیا کا شتر بے مہار استعمال کیا گیا۔ اس پراپیگنڈہ کو بھی قومی اتحاد سے ناکام بنایا جا سکتا ہے جبکہ حکومتی ریاستی ادارے بھی ان عناصر کی سرکوبی کے لئے متحرک ہیں اور قانون کے مطابق ان کی کڑی گرفت کر رہے ہیں۔ کور کمانڈرز کانفرنس میں ملک کو درپیش انہی معاملات کا جائزہ لیا گیا اور اب تک کے نتائج پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ بے شک ملک کا دفاع اور سلامتی عسکری قیادتوں کے مضبوط ہاتھوں میں مکمل محفوظ ہے۔

والدین کی سماجی اقتصادی حیثیت اور ان کی وابستگی کا انڈر گریجویٹ طلبا کی تعلیمی کارکردگی پر اثر

تحریر: ندیم حسن مہدی

تعلیم سب کے لئے مفید ہے۔ تعلیم کسی بھی قوم کی سماجی اور اقتصادی ترقی کے لیے بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ تعلیم ہی کسی قوم کی بنیاد ہوتی ہیں۔ تعلیم کے باقاعدہ طرز عمل کے لیے تعلیمی ادارے بنائے جاتے ہیں۔ جس میں طلباء کو سب سے اہم اثاثہ سمجھا جاتا ہے۔ اس لیے کسی بھی تعلیمی ادارے کی رینکنگ کا انحصار طلباء کی تعلیمی صلاحیتوں پر ہوتا ہے۔ جن میں طلباء کا نالج، سکلز، اور شخصی ترقی شامل ہوتی ہیں جن میں بہتری کی بنیاد پر کوئی بھی طالب علم اچھی نوکری تلاش کرتا ہیں۔ جہاں کسی بھی طالب علم کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے تعلیمی ادارے اہم کردار ادا کرتے ہیں، والدین کی سماجی اقتصادی حیثیت اور انکی وابستگی بھی بہت اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

گھر سیکھنے کی پہلی درسگاہ سمجھا جاتا ہے کیونکہ اس میں بچے سب کچھ سیکھتے ہیں جیسا کہ مختلف لوگوں کے ساتھ بولنا مذہبی، سماجی رسومات کو منانا اور ان میں اپنا کردار ادا کرنا والدین بچوں کے لیے ایک معلم اور گائیڈر کے طور پر اپنا کردار ادا کرتے ہیں والدین بچوں کو نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں بھی سپورٹ کرتے ہیں تاکہ بچوں کی اچھی نشوونما ہو سکے اور وہ اپنے تعلیمی میدان میں نمایاں پوزیشن حاصل کرسکیں والدین کا یہ کردار نہ صرف اپنے پرائمری بلکہ انڈر گریجوایٹ طلباء کیلئے بھی جاری رہتا ہے، بہت سے طلباء اچھا گریڈ حاصل کرنے یا قائم رکھنے کی کوشش کرتے ہیں مگر کچھ ایسا کرنے میں ناکام ہو جاتے ہیں جسکی کافی وجوہات ہوتی ہیں جن میں سے والدینکی سماجی اقتصادی حیثیت اور انکی اپنے بچوں کے ساتھ وابستگی سرفہرست ہے۔

والدین کی سماجی اقتصادی حیثیت میں انکی تعلیم، ذریعہ معاش اور انکم لیول شامل ہیں۔ جن طلباء کا تعلق ہائی سماجی اقتصادی فیملی سے ہوتا ہے وہ عام طور پر اچھی کارکردگی دکھاتے ہیں کیونکہ انکے والدین انکو تعلیمی سرگرمیوں کیلئے تمام ضروری سامان جیسا کہ کتابیں، لیپ ٹاپ اور انٹرنیٹ جیسی سہولیات فراہم کرتے ہیں۔

اسی طرح پڑھے لکھے والدین چاہے وہ جس ملازمت سے بھی وابستہ ہوں وہ اپنے بچوں کی ہر طرح سے مدد کرتے ہیں گھر پر بچوں سے تعلیمی سرگرمیوں پر بحث کرتے ہیں اور انکی فیوچر پلاننگ میں بھی مدد کرتے ہیں والدین اپنے بچوں کو اچھی تعلیم حاصل کرنے کیلئے ترغیب دیتے ہیں، تاکہ وہ اچھی شہری بن سکیں اسکے برعکس جن طلباء کے والدین کم پڑھے لکھے یا مزدور ہوں زیادہ تر اپنا وقت مزدوری کی تلاش میں گزار دیتے ہیں اور اپنے بچوں کو بہت کم وقت دے پاتے ہیں جسکی وجہ سے بچے اچھی تعلیمی کارکردگی دکھانے میں ناکام رہتے ہیں۔

پاکستان ایک ایسا ملک ہے جس میں طلباء اپنے تعلیمی اور غیر تعلیمی اخراجات کیلئے جزوی یا مکمل طور پر اپنے والدین پر انحصار کرتے ہیں حالیہ غربت بڑھنے کی وجہ سے بہت سے خاندان کو غربت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جسکی وجہ سے انکے بچوں کو سادہ سٹائل میں رہنا پڑتا ہے جسکی وجہ سے اکثر طلباء خاص طور پر یونیورسٹی میں پڑھنے والے طلباء وسائل کی کمی کی وجہ سے نفسیاتی دباؤ کا شکار رہتے ہیں ایسے طلباء کلاس روم میں دباؤ میں رہتے ہیں اور کلاس روم میں ہونے والی سرگرمیوں میں اچھے طریقے سے حصہ نہیں لے پاتے جسکی وجہ سے انکی تعلیمی سرگرمی متاثر ہوتی ہے۔

پاکستان میں اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے بہت سے شعبہ جات سے وابستہ سرکاری اور پرائیویٹ یونیورسٹیز موجود ہیں، سرکاری یونیورسٹی میں فیس کم ہونے کی وجہ سے ہر سال میرٹ میں اضافہ ہوتا ہے اور پرائیوٹ یونیورسٹی میں فیس زیادہ ہونے کی وجہ سے غریب فیملی کے طلباء کیلئے پڑھنا تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے ان مسائل کی وجہ سے بہت سے طلباء انٹرمیڈیٹ کے بعد تعلیم جاری نہیں رکھ سکتے اور کچھ طلباء یونیورسٹی میں اقتصادی وسائل کی کمی یا سٹڈی کے دوران جاب ہونے کی وجہ سے تعلیم کو ادھورا چھوڑ دیتے ہیں، جسکی وجہ سے پاکستان میں اعلیٰ تعلیم کی شرح خواندگی بہت کم ہے پاکستانی حکومت کا نعرہ تعلیم سب کیلئے مکمل طور پر عملی جامہ نہیں پہن سکا جسکی بنیادی وجہ حکومتی پالیسیاں ہیں جس میں تعلیم کو برائے نام ترجیح دی جاتی ہے پاکستان میں تعلیم کا معیار بھی گر رہا ہے جسکی مثال اس طرح ملتی ہے کہ گریجویشن مکمل کرنے کے بعد طالب علم کو یہ نہیں پتہ ہوتا کہ اپنے مستقبل میں کیا کرنا ہے وہ اپنے تعلیم کے معیار کے مطابق جاب حاصل نہیں کر پاتا اور نفسیاتی طور پر دباؤ میں رہتا ہے اور بہت سے اچھی کمائی کیلئے بیرون ملک کا راستہ اختیار کرتے ہیں۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت کو زیادہ طلباء کو سکالرشپ دینے چاہیں، اور طلباء والدین کی دلچسپی بڑھانے کیلئے ایک سسٹم بنایا جائے جس میں والدین کو انکے بچوں کو تعلیمی کارکردگی کے بارے میں بتایا جائے تاکہ اعلیٰ تعلیم کی شرح خواندگی میں اضافہ کیا جاسکے تاکہ ملک و قوم ترقی کر کے اور پاکستان ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا ہوسکے۔

جسم میں بلاتعطل بجلی بنانے والا بیٹری سسٹم

بیجنگ (سی ایم لنکس) سائنس دانوں کی ایک ٹیم نے ایک ایسا بیٹری سسٹم بنایا ہے جس کو جسم میں نصب کرتے ہوئے بلاتعطل بجلی بنائی جا سکے گی۔ چین کی تیانجن یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کے ماہرین کی جانب سے بنایا جانے والا ڈیزائن صحت کے شعبے میں انقلاب برپا کرسکتا ہے۔ گزشتہ برسوں میں جسم میں نصب ہونے والی بیٹریوں اور برقی آلات (پیس میکر یا نیورو اسٹیمولیٹر) نے صحت کے شعبے کو بدل کر رکھ دیا ہے۔ لیکن یہ بیٹریاں اکثر کمزور ہو جاتی ہیں اور ان کو بدلنے کی ضرورت پیش آجاتی ہے اور اب تک اس کا واحد حل خطرناک سرجری ہی ہے۔ البتہ یہ تازہ ترین ایجاد میڈیکل ٹیکنالوجی میں نصب کی جانے والی بیٹریوں کے ارتقاء کے طور پر دیکھی جا رہی ہے جو جسم کی آکسیجن کی سپلائی پر چلتی ہے۔ ٹیم میں شامل ایک پروفیسر شیڈو ینگ لائیو کے مطابق آکسیجن کا استعمال لامحدود بیٹری کے لیے ایک بہت واضح ذریعہ تھا۔ پروفیسر لائیو کا کہنا تھا کہ اگر جسم میں آکسیجن کی مسلسل فراہم ہوتی رہے تو بیٹری کی زندگی محدود نہیں رہے گی۔ لہٰذا محققین کی ٹیم کے ساتھ پروفیسر لائیو نے ایسی بیٹری بنانی شروع کی جو جسم کی آکسیجن کے ساتھ ردِعمل کرے تاکہ بجلی بن سکے۔ اس ایجاد کو سائنس دانوں نے آزمانے کے لیے تجربہ گاہ کے چوہوں میں پرکھا۔ دو ہفتوں کی آزمائش کے بعد معلوم ہوا کہ اس دوران چوہوں کو کسی بھی قسم کا کوئی مضر تجربہ نہیں ہوا اور اس بات کی تصدیق کی گئی کہ خارج ہونے والی بجلی مستحکم تھی۔

معاشرے میں عدم برداشت کا بڑھتا ہوا رجحان

ازقلم: عباس نظامی

صبر اور برداشت مومن کی بہترین خوبی ہے اللہ پاک کے محبوب بندوں یعنی عبادالرحمن کی ایک وصف برداشت کرنا اور صبر و تحمل بھی ہے یعنی ایسی چیزوں کو برداشت کرنا جنھیں آپ پسند نہیں کرتے طاقت اور استطاعت ہونے کے باوجود بدلہ نہ لینا صبر اور برداشت کا دامن نہ چھوڑنا یقیناً یہ مومن کی نشانی ہے دنیا اور سائنس ترقی کی اوج کمال کو پہنچ چکی ہے انسان نے سمندر کا سینہ شق کر ڈالا ہے آسمان کی وسعتیں اور رفعتیں حضرت انسان کی دسترس میں ہیں انسان نے ترقی کی ایسی منازل طے کی ہیں کہ اگر زمانہ قدیم کا انسان دیکھ لے تو حیرت سے پاگل ہو جائے دنیا کی رنگینیاں اور ترقیاں دیکھ کر اس کی آنکھیں چندھیا جائیں لیکن اس سب کے باوجود انسان کی مشکلات کم ہونے کی بجائے روز بروز بڑھتی جا رہی ہیں انسان چاند کو مسخر کر چکا ہے ستاروں پر کمند ڈال چکا ہے ایجادات نے حضرت انسان کو احساس مروت سے عاری کر دیا ہے ہمارے سماجی رویے ہمارے لیے وبال جان بنتے جا رہے ہیں صبر برداشت مساوات میانہ روی تحمل او درگزر عدل و انصاف جو اسلامی معاشرے اور مومن کی نشانی ہوا کرتے تھے اب ناپید ہوتے جا رہے ہیں حضرت انسان کو اشرف المخلوقات کے منصب پر رب کریم نے فیض فرما کر ملائکہ پر فوقیت دی معاشرے میں بڑھتی ہوئی انارکی ظلم و بربریت ناانصافی اقربا پروری کی بنیادی وجہ عدم برداشت ہے عدم برداشت کی وجہ سے اشرف المخلوقات کے منصب پر فیض حضرت انسان جہالت کی حدیں پار کر چکا ہے ایسا لگتا ہے کہ ہم زمانہ جاہلیت کی طرف لوٹ رہے ہیں ہم اس قدر کمزور عقیدہ اور کمزور ایمان ہو چکے ہیں کہ ہم میں صبر اور برداشت نام کی کوئی چیز موجود نہیں عدم برداشت کی بنیادی وجہ اللہ اور اس کے رسول امام الانبیاء کی تعلیمات سے دوری اور روگردانی بھی ہے نبی کریم کی ولادت سے قبل عرب کے بدو طرح طرح کی برائیوں کی دلدل میں غرق تھے انسانیت نام کی کوئی چیز وجود میں نہ تھی چھوٹی چھوٹی باتوں پر نیام سے تلواریں نکال لیتے جنگ و جدل کئی کئی مہینوں تک جاری رہتی کبھی پانی پلانے پہ جھگڑا تو کبھی گھوڑا آگے دوڑانے پہ جھگڑا پھر رحمت خداوندی کو حضرت انسان پر ترس آیا رب کریم کی رحمت جوش میں آئی اور اس نے پیکر اخلاق رحمت عالم امام الانبیاء کو مبعوث فرما کر ہم پر احسان عظیم فرمایا پھر کیا تھا کہ وہی بدو جو قتل و غارت معاشرتی برائیوں میں غرق تھے ان میں نکھار آ گیا میرے آقا کی تعلیمات سے عرب کے ذرے ذرے میں نئی جان آگئی عرب کے جاہل اور بدو علم و بصیرت کے مینارہ نور بن گئے انہوں نے سیرت نبی اور سنت نبوی کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنا لیا اور دنیا کے لیے نمونہ تقلید بن گئے عدم برداشت سے مراد وہ منفی سوچ اور رویہ ہے، جس کی سوچ نظریے اور نقطہ نظر سے آپ متفق نہ ہوں اور اس اختلاف کو برداشت نہ کر پائیں اور نامناسب ردعمل کا اظہار کریں ہر عمل کا ردعمل ہوتا ہے کسی واقعے سے فوری متاثر ہو کر ردعمل کے طور پر مشتعل ہونا انسانی جبلت میں شامل ہے لیکن ہمارا دین ہمیں ہر معاملے میں میانہ روی صبر اور برداشت کا درس دیتا ہے قرآن کریم کی تعلیمات ہیں کہ اگر کسی سے آپ کو تکلیف پہنچے تو بقدر تکلیف بدلہ لینے کی اجازت ہے لیکن اگر کوئی شخص صبر و تحمل اور برداشت کا مظاہرہ کرتو یہ اس کے لیے بہتر ہے معلم انسانیت امام الانبیاء کی سیرت طیبہ ہمارے لیے بہترین نمونہ اور مشعل راہ ہے اگر آج ہم دین و دنیا کی خیر چاہتے ہیں تو آپ کی حیات طیبہ ہمارے لیے کامیابی کی ضامن ہے اسلام کی تبلیغ کے دوران دشمنوں اور کفار نے کس قدر ظلم کے رویے اختیار کیے آپ پر پتھر پھینکے راہ میں کانٹے بچھائے نعوذ باللہ آپ کو دیوانہ اور جادوگر کہا آپ اور آپ کے رفقائے کار پر ظلم و جبر کے پہاڑ توڑے لیکن آپ نے صبر و تحمل اور برداشت کا دامن نہ چھوڑا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ آپ کے حسن اخلاق اور سیرت سے متاثر ہو کر لوگ جوق در جوق دائرہ اسلام میں داخل ہوئے سیدہ اماں عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ نے کبھی کسی سے بدلہ نہ لیا حضرت انس بن مالک فرماتے ہیں میں نے اللہ کے رسول کی دس سال خدمت کی خدا کی قسم انہوں نے کبھی مجھے نہ ٹوکا آج کے اس پرفتن دور میں عدم برداشت کی وجہ سے متعدد ہنستے بستے گھرانے تباہ ہو گئے ہیں اللہ کے نبی حضرت یعقوب اپنے بیٹے یوسف سے بے پناہ محبت کرتے تھے ان کے سوتیلے بھائیوں کو یہ بات برداشت نہ ہوتی تو انہوں نے بھائی یوسف کو والد کی نظروں سے دور کرنے کے لیے مختلف تدبیریں سوچیں ایک بھائی نے مشورہ دیا کہ یوسف کو کنویں میں اتارا جائے باقی سب بھائیوں نے اس تجویز کو قبول کیا ان بھائیوں کی رقابت کے جذبات اس حد تک غالب آ گئے کہ انہوں نے حضرت یعقوب علیہ السلام اور حضرت یوسف علیہ السلام کے درمیان جدائی ڈال کر دم لیا عدم برداشت کے اثرات گھریلو تنازعات میں اکثر با آسانی دیکھے جا سکتے ہیں سوکنوں کے باہمی تنازعات کا سبب بھی یہی جذبہ رقابت ہے اسی طرح ساس بہو نند اور بھابھی کے جھگڑوں کی بنیادی وجہ عدم برداشت ہی ہے آج ہمارا معاشرہ عدم برداشت کا شکار ہے اس کا بنیادی سبب مختلف طبقات کے درمیان تعصبات جذبہ رقابت اور انجانے خوف کی کیفیات ہیں معاشرے میں توازن اور اعتدال لانے کے لیے عدم برداشت پر قابو پانا ازحد ضروری ہے عدم برداشت کی وجہ سے انسانوں میں رواداری صبر و تحمل اور محبت و اخوت کے جذبات ماند پڑ جاتے ہیں عدم برداشت انفرادی سطح پر ہو یا اجتماعی سطح پر قابل مذمت اور خطرناک ہے عدم برداشت معاشرے کو دیمک کی طرح کھوکھلا کر دیتی ہے آئے روز عدم برداشت کی وجہ سے خونی رشتوں کے سفید ہونے اور گھروں کے اجڑنے کی خبریں اخبارات کی زینت بنتی رہتی ہیں کچھ عرصہ قبل گوجرانوالہ میں بچوں کی لڑائی میں بڑے کود پڑے نوبت یہاں تک پہنچی کہ تین افراد زندگی کی بازی ہار گئے حالانکہ یہ تلخ حقیقت کہ جن بچوں کی خاطر بڑے بن سوچے جان لینے پر اتر آتے ہیں وہی بچے چند گھنٹوں بعد اکٹھے کھیلتے نظر آتے ہیں اسی طرح اسلام اباد کے مضافاتی علاقے سوہاوہ میں بچوں کی لڑائی پر مسلح تصادم کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے تین افراد ہلاک اور پانچ زخمی ہو گئے اس میں کوئی شک نہیں ہم عدم برداشت صبر اور بردباری کے فقدان کے باعث مہذب اور مثالی قوم بننے کی بجائے رفتہ رفتہ غیر مذہب قوم بنتے جا رہے ہیں ہم نے شائستگی خوش اخلاقی اور صبر و تحمل کا دامن چھوڑ دیا آج کا ہمارا نوجوان ذرا سی بات پر بھڑک جاتا ہے اس کا بنیادی سبب تربیت کی کمی ہے موجودہ حالات نے معاشرے کو برداشت اخلاق صبر و تحمل سے عاری کر دیا ہے سیرت طیبہ کو مدنظر رکھا جائے تو عدم برداشت کے مسئلے سے نبرد آزما ہونے کے لیے ہمیں عفو و درگزر سے کام لینا چاہیے اللہ تعالی نے اپنے مقرب بندوں کی خوبی یہ بھی بیان فرمائی ہے کہ وہ اپنے غصے کو ضبط کرتے ہیں اور لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں قرآن کریم نے اللہ تعالی کے محبوب بندوں عبادالرحمن کے جو وصف بیان کیے ہیں ان میں ایک وصف یہ بھی ہے کہ وہ تحمل اور برداشت سے کام لیتے ہیں جب تک ہم قرآن و سنت اور سیرت طیبہ کو اجتماعی اور انفرادی طور پر دستور العمل نہیں بنائیں گے عدم برداشت بداخلاقی انتہا پسندی جو ہماری رگوں میں سرایت کر چکی ہے ہم مہذب اور تعلیم یافتہ قوم نہیں بن سکیں گے۔

DIGEST ڈائجسٹ

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

میڈیا کے نام خط

تحریر: حاجی فضل ربی

ہم نے الیکشن کے اس مروجہ ڈھانچہ کے خلاف عدالت جانا ہے جس کی وجہ سے آج ہمیں سود کے اقساط ادا کرنے کے لئے بھی سود ہی پہ قرضہ لینا پڑتا ہے۔ اگر اسی 2024 کے الیکشن کا ڈھانچہ بھی وہی پرانا رہا تو اس سے تشکیل پانے والی حکومتیں بھی وہی پرانی طرز کی رہیں گی، یعنی ایک دوسرے پر لعن طعن کرنے والی اور قوم کو مزید قرضوں کی دلدل میں پھنسانے والی۔ لہذا اس سے پہلے کہ ہم پھر تباہی کے راستے پہ چل پڑیں ہمیں اسی ڈھانچے کے خلاف کیس دائر کرنا ہے، یوں کہ۔۔۔ 1. یہ آنے والا الیکشن شخصیات کے بجائے براہ راست منشور کے مابین ہو۔ جملہ سیاسی پارٹیاں ہم خیال گروپس بنا کر اپنے اپنے منشور الیکشن کمیشن کے ساتھ جمع کریں۔ جانچ پڑتال کے بعد سلیکٹ شدہ منشور کو نشانات الاٹ ہو۔ جو منشور جتنے ووٹ حاصل کرلے اُسی کی تناسب سے اس کے پیش کرنے والوں کو قومی، صوبائی اور سینٹ کے سیٹ الاٹ ہو۔ 2. سلیکٹ شدہ اراکین کو مجسٹریٹ کے حامل اختیارات اور قابل قبول تنخواہ سے نواز کر اُن کے باقی فنڈز و مراعات ختم ہوں تاکہ وہ اپنی اصل ڈیوٹی جو قانون سازی اور اداروں کی نگرانی ہے کے جانب آئیں۔ 3. چونکہ پارٹی کے بجائے منشور منتخب ہوئی ہوگی لہذا سلیکٹ شدہ حکومت منشور کی خلاف ورزی کر ہی نہیں سکے گی۔ اگر کسی ایمرجنسی کی طور پر ضرورت پڑے تو پارلیمان کے دو تہائی اکثریت، عدالتی حکم یا پھر عوامی ریفرنڈم ہی سے ترمیم ممکن ہو۔ اسی طرز کے انتخابات سے۔۔۔ (الف) جملہ فنڈز فقط منافع بخش اور دیرپا منصوبوں کے لئے مختص ہو جائیں گے۔ (ب) وہ جملہ دباؤ نابود ہو جائیں گے جو ہمیں اسرائیل کی تسلیم، ایٹمی پروگرام کی رول بیک اور اسلام کی وکالت سے دستبرداری پہ مجبور کر رہے ہیں۔ (ج) وہ جملہ بین الاقوامی رشوتیں ختم ہو جائیں گے جو ہمارے بڑوں کو فقط اس لئے ملتے ہیں کہ وہ اپنے معدنیات اور باقی وسائل مارکیٹ میں سستے لائیں تاکہ کچھ بڑی کمپنیوں اور ممالک کے تجارتی مفادات محفوظ رہیں۔ (د) اُن جملہ ممالک پہ اخلاقی دباؤ ڈالا جا سکے گا۔ جہاں کے بینکوں میں ہمارے بڑوں کا سرمایہ پڑا ہے، کہ اُن کا سرمایہ واپس ہو کیونکہ مذکورہ سرمایہ ڈوب جانے کا خوف اُنہیں اپنے ملک کے خلاف استعمال کر رہا ہے۔ (ڈ) جملہ اقوام کو مجبور کیا جا سکے گا کہ ہمیں اپنے ایٹمی ٹیکنالوجی سے مستفید ہونے دیا جائے کیونکہ ایٹمی طاقت کا حامل واحد اسلامی ملک ہونے کے ناطے ہم ایٹمی ٹیکنالوجی رکھنے کے مجاز بھی ہیں اور اُس سے استفادہ حاصل کرنے کے حقدار بھی۔ (ر) IMF کو بتایا جا سکے گا کہ وہ ہمیں ریلیف دے، کیونکہ انہوں نے معاشی استحکام کے لئے قرضہ دینا تھا کسی کے حکومت کو استحکام بخشنے کے لئے نہیں۔ (ز) ان با کردار سماجی شخصیات کو بھی پارلیمنٹ میں بیٹھنے کا موقع مل سکے گا جن کے پیروکار ملک کے کونے کونے میں تو پھیلے ہوئے ہیں مگر اس مروج طریقہ انتخابات میں اُن کا کسی ایک حلقہ سے جیت ناممکن ہے۔ (س) پورے ملک کے ایک حلقہ ہونے اور ایک ہی دن میں الیکشن کروائے جانے سے الیکشن کے اخراجات نہایت ہی ک۔ ہو جائیں گے۔

معاشی ایمرجنسی
0333-9038149

حیرت انگیز

یوٹیوبر مسٹر بیسٹ نے خود کو سات دن کیلئے زندہ دفن کر لیا

نارتھ کیرولینا: دنیا کے مشہور ترین ارب پتی یوٹیوبر جمی ڈونلڈسن عرف مسٹر بیسٹ نے خود کو سات دن کیلئے زندہ دفن کر لیا۔ یوٹیوبر مسٹر بیسٹ نے اس خطرناک اسٹنٹ کی ویڈیو اپنے یوٹیوب چینل پر اپلوڈ کی ہے جس میں وہ خود کو ایک تابوت میں بند کر کے زیر زمین دفن ہو گئے۔ مسٹر بیسٹ نے ویڈیو میں کہا کہ میں اپنی زندگی اگلے سات دنوں کے لئے اس تابوت میں سپرد کر رہا ہوں۔ اس اسٹنٹ کے لئے مسٹر بیسٹ نے جدید ترین تابوت استعمال کیا جو خوراک اور پانی سے بھرا ہوا تھا جبکہ کیمروں کے مدد سے ویڈیو بھی ریکارڈ کی جا رہی تھی۔ مسٹر بیسٹ واکی ٹاکی کے ذریعے اپنی ٹیم کے ساتھ رابطے میں رہے۔ بعد ازاں مسٹر بیسٹ کا کہنا تھا کہ یہ اسٹنٹ ان کیلئے شدید ذہنی اذیت کا باعث بنا ہے۔

سیریل ڈبوں کا ریکارڈ ڈومینو مظاہرہ

امریکا کے ایک غیر منافع بخش ادارے موو فار ہنگر نے بھوک اور غذا کے ضائع ہونے کے حوالے سے آگاہی کے سلسلے میں ورلڈ ریکارڈ بنا ڈالا۔ گینز ورلڈ ریکارڈز کے مطابق ڈائریٹ پسٹفس پرفارمنس سینٹر میں ادارے نے ڈومینو انداز میں 12 ہزار 952 سیریل کے ڈبے گرا کر ورلڈ ریکارڈ قائم کر دیا۔ اس قبل امریکہ کے لونگ بیچ ماڈل سکول نے 2021 میں 6391 ڈبے ڈومینو انداز میں گرا کر یہ ریکارڈ اپنے نام کیا تھا۔ موو فار ہنگر کی جانب سے کی جانے والی ریکارڈ کی اس کوشش میں استعمال کی گئے سیریل کے تمام ڈبے دو مقامی فوڈ بینکوں کو ڈبوں میں تعداد کے برابر دودھ کے گیلن کے ساتھ عطیہ کر دیئے گئے۔ واضح رہے امریکہ میں روزانہ 34 کروڑ افراد بھوک کا سامنا کرتے ہیں۔

اکٹوپس کے ساتھ خاتون کی تیراکی کی ویڈیو وائرل

جنگلی حیات اور سمندری زندگی کی ویڈیوز کس کو پسند نہیں؟ آبی حیات کی ویڈیو ریکارڈنگ میں ایک مشکل اور پرخطر عمل ہے۔ ایسی متعدد مثالیں موجود ہیں۔ جب غوطہ خوروں اپنے شوق کی تسکین کے لئے زیر سمندر آبی حیات کی دستاویزی فلم بنائی اور اس دوران کئی اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے یا زخمی ہو گئے۔ اسی طرح کا ایک واقعہ حال ہی میں سامنے آیا جب ایک خاتون ویڈیو ریکارڈنگ کے دوران ایک آکٹوپس کے انتہائی قریب پہنچ گئیں۔ فوٹیج میں خاتون کو آکٹوپس کے قریب تیراکی کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو کو ایک بلاگر نے انسٹاگرام پر شیئر کیا تھا جس کی شناخت اس کے بائیو کے مطابق ایک سرٹیفائیڈ فری ڈائیور کے طور پر بھی کی گئی۔ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ خاتون ایک آکٹوپس ساتھ تیر رہی ہے۔ آکٹوپس پرسکون اور خاتون کی موجودگی سے بے خوف ہے جس سے ایک شاندار منظر پیدا ہوتا ہے۔ ویڈیو کو ایک کیپشن کے ساتھ شیئر کیا گیا تھا جس میں لکھا تھا کہ آپ جانتے ہیں کہ آکٹوپس کے تین دل 9 دماغ اور نیلا خون ہوتا ہے۔

پکوان

پیازی شملہ قیمہ بنانے کی ترکیب

اجزاء:

قیمہ آدھا کلو، شملہ مرچ دو عدد، پیاز دو عدد درمیانی، نمک حسب ذائقہ، ادرک لہسن پسا ہوا ایک کھانے کا چمچ، سفید زیرہ ایک چائے کا چمچ، دہی دو سے تین کھانے کے چمچ، پسا ہوا پپیتا ایک کھانے کا چمچ، گرم مصالحہ پسا ہوا آدھا چائے کا چمچ، ٹماٹر ایک عدد، بیسن دو کھانے کا چمچ، کوکنگ آئل حسب ضرورت۔

تیار کرنے کی ترکیب:

1۔ قیمے کو صاف دھو کو پین میں رکھیں اور اس میں پپیتا، نمک، ادرک لہسن، مرچ، بھنا ہوا کٹا ہوا زیرہ، گرم مصالحہ، دہی بھنا ہوا بیسن اور ایک فرائی کی ہوئی پیاز ڈال کر اچھی طرح ملا لیں۔

2۔ قیمہ کو کچھ دیر رکھنے کے بعد درمیانی آنچ پر پکنے رکھ دیں۔

3۔ جب قیمہ کا پانی خشک ہونے پر آجائے تو اس میں تین سے چار کھانے کے چمچ کوکنگ آئل شامل کر کے اچھی طرح بھون لیں۔

4۔ پیاز، شملہ مرچ اور ٹماٹر کو لمبائی میں کاٹ لیں اور ایک کھانے کے چمچ کوکنگ آئل میں ہلکا سا فرائی کریں اور قیمہ میں ڈال کر ہلکی آنچ پر پانچ سے سات منٹ دم پر رکھ دیں۔

راحیلہ مغل

سیلف گرومنگ پر توجہ دیں

حسن دیکھنے والی آنکھ میں ہوتا ہے، یہ حکایت بھی اپنی جگہ درست سہی لیکن دور حاضر میں یہ فلسفہ تھوڑا بدل گیا ہے۔ آج اگر آپ خود کو خوبصورت مانتے ہیں، تو در حقیقت آپ خوبصورت ہیں، مطلب، اب خود کو دوسروں سے منوانے، تسلیم کروانے سے پہلے اپنے آپ سے تسلیم کروانا کہیں ضروری ہے اور شاید اسی لئے آج کل سیلف گرومنگ پر بے حد توجہ اور زور ہے۔

فی زمانہ بلکہ ازل ہی سے "بےعیب حسن" کا تصور بھی محال ہے، ہاں البتہ کمیوں، خامیوں کو سدھارنے، سنوارنے اور اجالنے کی سعی ضرور کی جا سکتی ہے۔ اب خواہ وہ باطنی عیوب پر ظاہری خواص کی ملمع کاری کی شکل میں ہو یا باہر کے اندھیارے کو اندر کے اجیارے سے جلا بخشنے کی صورت۔

بہرکیف، خوش خیالی و خوش خصالی سے آغاز ہونے والے سفر کی خوش اندامی و خوش نمائی کی منزل تک رسائی خود آرائی و خود اعتمادی کا زینہ چڑھے بغیر ممکن نہیں۔

وہ کسی نے کہا تھا ناں کہ "ہر طرح کی آرائش و زیبائش، زیب و زینت اعتماد اور خوشی جیسے پہناووں، گہنوں کے مات ہے۔" تو بات تو بالکل سچ ہے لہذا سب سے پہلے تو ہمارے لئے اپنے ہونے اور ہزاروں لاکھوں سے بہتر و افضل ہونے کے اعتماد سے مالا مال ہونا ناگزیر ہے اور پھر اس اعتماد کی قلب و ذہن اور روح تک گہری، اجلی تاثیر سے خوب لطف اندوز ہونا بھی۔

تب ہی ہم خصوصاً خواتین اپنی زندگیوں میں مظلومین کے کرداروں سے نکل کے ہیروئنز کے کرداروں میں ڈھلیں گی۔ سطحی تصورات و خیالات سے کسی شہزادی ملکہ کی سوچ تک کا سفر طے ہوگا۔ دراصل لڑکیوں کی کثیر تعداد چاہتی ہے کہ وہ خوبصورت اور پرکشش دکھائی دیں مگر یہ اس کے لئے کیا کریں، یہ ہر لڑکی نہیں جانتی، اپنی شخصیت کو نکھارنا "سیلف گرومنگ" کہلاتا ہے۔

اسی مقصد کے لئے خواتین پارلر کا رخ کرتی ہیں لیکن پارلر جانے کیلئے بھی خاص مواقعوں اور رقم کی ضرورت محسوس ہوتی ہے جبکہ سیلف گرومنگ کا مقصد ہے کہ ہر حال میں آپ کی شخصیت کا نمایاں ہو اور آپ اپنی کوتاہیوں پر قابو پانا سیکھیں۔

اکثر دیکھا گیا ہے کہ دوران تعلیم لڑکیاں اپنی تعلیم میں مصروف رہتی ہیں اور اپنی شخصیت کو نظر انداز کر دیتی ہیں اسی طرح گھریلو خواتین گھر کے کاموں میں اپنی شخصیت پر توجہ نہیں دیتیں اور جب کسی فنکشن یا تقریب میں جانا ہوتا ہو تو بیوٹی پارلرز کا رخ کرتی ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ دیگر مصروفیات کے ساتھ ساتھ اپنی شخصیت کے نکھار پر توجہ دیں اور جائزہ لیں کہ آپ شخصیت میں ظاہری طور پر کیا کمی ہے جسے دور کر کے آپ پر کشش اور جاذب نظر بن سکتی ہیں۔

اس لئے ضروری ہے کہ اپنی جلد کی حفاظت کریں، گھر میں رہتے ہوئے بھی اپنی اسکن پر کوئی لوشن یا کریم ضروری لگائیں، اسی طرح آفس کالج یونیورسٹی جاتے ہوئے آپ ہلکا پھلکا میک اپ ضرور کریں۔

اس کے علاوہ اپنی جلد کی تازگی کو برقرار رکھنے کے لئے جوسز استعمال کریں، پانی زیادہ پئیں، اگر آپ کا جسم موٹاپے کا شکار ہونے لگے تو فوراً واک شروع کریں، اپنی شخصیت اور قد کاٹھ کے مطابق کپڑوں کا انتخاب کریں، جو آپ کی شخصیت خوبرو بنادے، اپنے بالوں پر بھی خاص توجہ دیں تاکہ آپ کے بال مضبوط اور شائن نظر آئیں۔ اپنے آپ کو خوبصورت بنانے کے لئے اپنی سیلف گرومنگ پر توجہ دیں۔

بقیہ 1

سکھ خواتین نے ہاتھ جوڑ کر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو گرمجوشی سے سلام کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو فیسلیٹیشن سنٹر کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سرووَر (مقدس تالاب) اور سادھی (پریزبال) کا بھی دورہ کیا جہاں سکھ نوجوانوں نے روایتی گتکے کا مظاہرہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گوردوارہ حاضری دی اور سنگت کے درشن کئے۔ دلی گوروبند کمیٹی کے سربراہ رمیند سنگھ ہمراہ نے وزیراعلیٰ مریم نواز کو سروپا (شال) پہنایا۔ دلجیت سنگھ سرناں نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو کرپان اور دیگر تحائف پیش کئے جبکہ سینئر وزیر مریم اورنگزیب کو بھی سروپا پہنایا گیا اور تحائف دیئے گئے۔ سادھی میں گرانتھی سربراہ نے دعا سے تقریب کا آغاز کیا۔ صوبائی وزیر مذہبی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے وزیراعلیٰ کا خیر مقدم کیا۔ بھارت سے آنے والے سکھوں کے جتھہ لیڈر نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا۔ بھارتی سکھ جتھہ لیڈر نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے اقدامات اور انتظامات کو سراہا۔ سکھ جتھہ لیڈر نے کہا کہ پنجاب کی بیٹی کا وزیراعلیٰ بننا ہم سب کا مان ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سکھ وفد کو جی آیاں نوں کہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مقدس کنویں کا بھی معائنہ کیا اور سکھ آرٹ گیلری بھی دیکھی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سکھ لنگر ہال میں یاتریوں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھایا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کی ابلے چاول، کڑھی پکوڑے، مونگ کی دال، گڑ والے چاول، روٹی اچار سے تواضع کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے کھانے کے معیار کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف مریم نواز شریف نے لنگر ہال میں موجود زائرین سے بات چیت کی اور سکھ زائرین کو پنجاب میں سیاحت کی دعوت دی۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، صوبائی وزراء، رمیش سنگھ اروڑہ، بلال اکبر، سید عاشق حسین کرمانی، ایم این اے انوار الحق، ایم پی اے وسیم بٹ، رانا منان، سیکرٹری سیاحت، سیکرٹری ایگریکلچر سیکرٹری زراعت، کمشنر اور دیگر حکام موجود تھے۔

بقیہ 2

کے مطابق مارچ میں 7 ارب 75 کروڑ 60 لاکھ یونٹس بجلی فروخت ہوئی، پانی سے 27.63 فیصد، مقامی کوئلے سے 10.74 فیصد بجلی پیدا ہوئی۔ سی پی پی اے نے بتایا کہ مقامی گیس سے 9.91 فیصد، درآمدی ایل این جی سے 20.67 فیصد بجلی پیدا ہوئی، جبکہ جوہری ایندھن سے 25.79 فیصد بجلی پیدا کی گئی۔ ذرائع نے بتایا کہ درخواست منظوری سے بجلی صارفین پر 27 ارب روپے کا اضافی بوجھ پڑنے کا امکان ہے۔

بقیہ 3

نا ٹیکوپ ہے۔ ذرائع کے مطابق اسلحہ لائسنس بنوانے کے خواہشمند شہریوں کو وزارت داخلہ سے اجازت حاصل کرنی ہوگی۔ یہ اجازت نامہ آن لائن پراسیس کے ذریعے وزارت داخلہ کی طرف سے نادرا کے سسٹم میں اپ لوڈ کیا جائے گا۔ اس کے بعد مقررہ مدت کے دوران درخواست دہندہ کی بائیو میٹرک اور ڈیمانڈ نوٹس کا اجراء ہوگا اور یہ دونوں کام نادرا کی طرف سے کیے جائیں گے۔ اسی طرح مجاز ڈیلر سے اسلحہ خرید کر اس کی ڈیمانڈ نوٹس پر انٹری کی جائے گی اور اس کی ڈی سی آفس سے تصدیق کے بعد ڈیمانڈ نوٹس نادرا میں جمع کرا دیا جائے گا، جہاں سے بعدازاں درخواست دہندہ کو لائسنس کا اجراء ہوگا۔ ممنوعہ بور اسلحہ لائسنس کی فیس 28 ہزار روپے رکھی گئی ہے، جس میں 25 ہزار روپے حکومت کی فیس اور 3 ہزار روپے نادرا کی فیس شامل ہے۔ اسی طرح غیر ممنوعہ بور اسلحہ لائسنس کی فیس ساڑھے 14 ہزار روپے ہے، جس میں حکومت کی فیس ساڑھے 12 ہزار روپے اور نادرا کی فیس ڈیڑھ ہزار روپے ہے۔ ٹیکس دہندگان کیلئے یہ فیس آدھی ہوگی۔

بقیہ 4

ندیم افضل چن نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا تو منشور ہی روٹی کپڑا مکان ہے جب کاشتکار خوشحال ہوتا ہے تو دکاندار بھی خوشحال ہوتا ہے۔ ان کا کہنا تھا مہنگی کھاد اور آلات مہنگے ہونے کے باوجود گندم کی اچھی فصل ہوئی ہے، بارہ ارب کی سبسڈی میں کسان کو ایک روپیہ نہیں ملا کرونا میں بھی کسان کو کوئی ریلیف نہیں دیا گیا۔ ندیم افضل چن کا کہنا تھا ہمیشہ گندم امپورٹ کرنا پڑی ہے پہلا سیزن آیا گندم سرپلس ہونے کی امید ہے۔ نگران حکومت میں سٹاک میں ختم کرنے کی بجائے پرائیویٹ سیکٹر کو امپورٹ کی اجازت دی گئی۔ رہنما پی پی ندیم افضل چن کا کہنا تھا کہ گندم باہر سستی ہو تو نقصان کسان کو اٹھانا پڑتا ہے، سندھ حکومت چار ہزار ریٹ دے رہی ہے، تو پنجاب حکومت کا بھی چار ہزار ہونا چاہیے تھا۔ گندم اور کپاس اس ملک کی قومی فصل ہے۔ ان کا کہنا تھا ارباب اختیار سے گزارش کسان کا استحصال روکا جائے، پیپلز پارٹی مطالبہ کرتی ہے کہ کسان کا ایک ایک دانہ خریدا جائے، ہم ضرورت پڑنے پر احتجاج بھی کریں گے۔

بقیہ 5

برطانوی تھنک ٹینک چیتھم ہاؤس کے ایک تجزیاتی مقالے کا خلاصہ ہیں۔ تل ابیب کے خلاف تہران کے تنبیہی حملے (وعدہ صادق آپریشن) اور اس کے نتائج کے بارے معروف برطانوی تھنک ٹینک چیتھم ہاؤس (Chatham House-Royal Institute of International Affairs) کی جانب سے نشر کردہ مقالے کے آغاز میں کہا گیا ہے کہ ایران کی جانب سے اسرائیل کے خلاف ڈرون و میزائل حملوں کہ جو کئی گھنٹوں تک جاری رہے، نے ان دو دشمن ممالک کے درمیان جاری رویے اور باہمی تعامل کے پرانے تمام اصول یکسر بدل ڈالے ہیں نیز اس حملے نے مشرق وسطی کو ایک وسیع تر تنازعے کے قریب بھی پہنچا دیا ہے، ایک ایسا تنازعہ کہ جس پر اگر قابو نہ پایا گیا تو پورے خطے پر اس کے غیر مستحکم کر دینے والے اثرات مرتب ہوں گے۔ اس رپورٹ کے مصنفین صنم وکیل (Sanam Vakil) اور بلال وائے صاب (Bilal Y. Saab) نے غاصب صیہونی رژیم کے خلاف ایرانی ڈرون و میزائل حملوں سے متعلق "ناکامی" کے تمام دعوؤں کو یکسر مسترد کرتے ہوئے واضح کیا کہ اسرائیل پر ایران کا حملہ وہ ناکامی نہ تھی کہ جس کا بہت سے فریق کھل کر دعوی کرتے نظر آتے ہیں۔

بقیہ 6

تقریباً 3 ارب روپے کی سبسڈی دی جائے گی، یوٹیلیٹی اسٹورز پر بی آئی ایس پی صارفین کیلئے چینی کی قیمت 109 روپے، آٹے کا 10 کلو کا تھیلا 648 روپے اور گھی کی فی کلو قیمت 393 روپے مقرر کی گئی ہے۔ پیکیج کے تحت بی آئی ایس پی صارفین کو دالوں اور چاول پر فی کلو 25 روپے سبسڈی ملے گی، یوٹیلیٹی اسٹورز پر وزیراعظم پیکج جون 2024 تک جاری رکھنے کا منصوبہ ہے، آئندہ مالی سال کیلئے وزیراعظم پیکج جاری رکھنے سے متعلق فیصلہ وفاقی حکومت کرے گی۔

بقیہ 7

جاری کر دیا ہے۔ بدر شہباز پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی اسسٹنٹ سیکرٹری اطلاعات بھی ہیں۔ اس کے علاوہ بدر شہباز طویل عرصے سے پاکستان مسلم لیگ (ن) کی میڈیا ٹیم کے مرکزی رکن بھی ہیں۔ بدر شہباز گزشتہ 16 ماہ کی حکومت کے دوران بھی وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔

بقیہ 8

عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام ساتھیوں کو ساتھ لے کر چلیں گے۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی تعاون اور احسن طریقے سے ایوان بالا کو چلانے کے عزم کا اظہار بھی کیا۔ ملاقات میں بلوچستان کو درپیش مسائل کے حل پر بھی گفتگو کی گئی۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے سیدال خان ناصر کو ڈپٹی چیئرمین سینیٹ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور ان کے لئے بھی نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 9

وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے جامع ترقی کی راہیں کھولنا ہوں گی، ہمارے پاس ضائع کرنے کیلئے وقت نہیں، پولرائزیشن سے ہٹ کر عصر حاضر کی سیاست کی طرف بڑھنا ملکی ضرورت ہے، ایوان کو پارلیمانی عمل پر عوامی اعتماد بحال کرنے کیلئے قائدانہ کردار ادا کرنا ہوگا، تعمیری اختلاف، پھلتی پھولتی جمہوریت کے مفید شور کو نفع، نقصان کی سوچ کے ساتھ نہیں الجھانا چاہیے، معیشت کی بحالی کیلئے سب کو اپنا حصہ ڈالنا ہوگا، غیر ملکی سرمایہ کاری لانا ہمارا بنیادی مقصد ہونا چاہیے، حکومت کاروباری ماحول سازگار بنانے کیلئے جامع اصلاحات کے عمل کو تیز کرے، موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے خطرات کم کرنے کیلئے ماحول دوست اور موسمیاتی طور پر پائیدار انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کرنا ہوگی، تمام صوبائی حکومتیں تعلیمی شعبے میں تبدیلی لانے کیلئے اصلاحات پر توجہ اور توانائی مرکوز کریں، پرائمری اور سیکنڈری صحت کے بنیادی ڈھانچے، انسانی وسائل پر سرمایہ کاری کرنا ہوگی، چین پاکستان اقتصادی راہداری کی تکمیل سمیت مشترکہ اہداف کے فروغ کیلئے چین کے ساتھ کام کرتے رہیں گے، امریکہ، یورپی یونین اور برطانیہ ہمارے تجارتی پارٹنرز ہیں، امید ہے امریکہ، یورپی یونین اور برطانیہ کیساتھ تعاون میں مزید اضافہ ہوگا، بھارت 5 اگست 2019 اور اس کے بعد لیے گئے تمام غیر قانونی اقدامات واپس لے، حق خودارادیت کے حصول تک پاکستان مقبوضہ کشمیر کے عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، پاکستان کو بے گناہ فلسطینیوں کے قتل، اسرائیلی فوج کی جانب سے بڑے پیمانے پر نسل کشی پر گہری تشویش ہے۔ جمعرات کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ پہلے پارلیمانی سال کے آغاز پر تمام معزز ممبران کو انتخاب پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم، وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو انتخابی کامیابی، ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اعتماد کرنے، دوسری بار صدر منتخب کرنے پر اراکین پارلیمنٹ و صوبائی اسمبلی کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔ صدر مملکت نے پارلیمانی سال کے آغاز پر مستقبل کیلئے وژن کو مختصراً بیان کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں بطور صدر میرے اہم فیصلوں نے تاریخ رقم کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ بطور صدر مملکت میں نے پارلیمنٹ کو اپنے اختیارات دینے کا انتخاب کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ آج ہمارے ملک کو دانشمندی اور پختگی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے اراکین پارلیمنٹ اختیارات کا دانشمندی سے استعمال کریں گے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ صدر کا کردار ایک متفقہ اور مضبوط وفاق کے اتحاد کی علامت ہے، تمام لوگوں اور صوبوں کے ساتھ قانون کے مطابق یکساں سلوک ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ میری رائے میں آج ایک نئے باب کا آغاز کرنے کا وقت ہے، آج کے دن کو ایک نئی شروعات کے طور پر دیکھیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنے لوگوں پر سرمایہ کاری کرنے، عوامی ضروریات پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی۔ صدر مملکت نے کہا کہ ہمیں اپنے وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے جامع ترقی کی راہیں کھولنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس ضائع کرنے کے لیے وقت نہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ پولرائزیشن سے ہٹ کر عصر حاضر کی سیاست کی طرف بڑھنا ملکی ضرورت ہے، اس ایوان کو پارلیمانی عمل پر عوامی اعتماد بحال کرنے کیلئے قائدانہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ اس ایوان کے ذریعے قوم کی پائیدار اور بلاتعطل ترقی کی بنیاد رکھی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تعمیری اختلاف، پھلتی پھولتی جمہوریت کے مفید شور کو نفع، نقصان کی سوچ کے ساتھ نہیں الجھانا چاہیے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ سوچنا ہوگا کہ اپنے مقاصد، بیانیے اور ایجنڈے میں کس چیز کو ترجیح دے رہے ہیں، سمجھتا ہوں کہ سیاسی ماحول کی از سر نو ترتیب کی جا سکتی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ ہم حقیقی طور پر کوشش کریں تو سیاسی درجہ حرارت میں کمی لا سکتے ہیں، ہم سب کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ ملک کیلئے سب سے زیادہ اہم چیز کیا ہے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ مشکلات کو مواقع میں بدلنا ہم سب کی ذمہ داری ہے، مضبوط قومیں مشکلات کو مواقع میں بدلتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد اعظم، شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر جمہوریت، رواداری اور سماجی انصاف کے علمبردار تھے۔ انہوں نے کہا کہ قائدین کے وژن کو اپنا کر ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹا جا سکتا ہے، قائدین کے وژن کے مطابق باہمی احترام، سیاسی مفاہمت کی فضا کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز پر قابو پانا ناممکن نہیں، ملکی مسائل کے حل کیلئے بامعنی مذاکرات، پارلیمانی اتفاق رائے درکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی مسائل کے حل کیلئے کڑی اصلاحات پر بروقت عمل درآمد یقینی بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو 21 ویں صدی کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ شہریوں کے سماجی حقوق، گڈ گورننس کیلئے اصلاحات کو فروغ دینا ہوگا۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ سیاسی قیادت کو پسماندہ علاقوں کی خاص ضروریات کو ترجیح دینا ہوگی۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ حکومت نوکریاں پیدا کرنے، مہنگائی کم کرنے، ٹیکس نیٹ وسیع کرنے کیلئے معاشی اصلاحات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ آئینی فریم ورک کے تحت وفاق اور صوبوں کے مابین مثبت تعاون اور مؤثر ہم آہنگی ناگزیر ہے، جامع قومی ترقی، پالیسیوں پر عمل درآمد کیلئے صوبوں اور وفاق کے درمیان ہم آہنگی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح کیلئے وفاقی نظام کی مکمل صلاحیت کو بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی بحالی کیلئے سب کو اپنا حصہ ڈالنا ہوگا، غیر ملکی سرمایہ کاری لانا ہمارا بنیادی مقصد ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کاروباری ماحول سازگار بنانے کیلئے جامع اصلاحات کے عمل کو تیز کرے۔ صدر مملکت نے کہا کہ مقامی، غیر ملکی سرمایہ کاروں کی سہولت کیلئے پیچیدہ قوانین آسان بنانا ہوں گے۔ صدر مملکت نے کہا کہ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کا قیام خوش آئند ہے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ برآمدات متنوع بنانے، عالمی منڈیوں میں مصنوعات کی قدر بڑھانا ہوگی، ہمیں نئی منڈیوں کی تلاش کیلئے کوششیں تیز کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، آبی و سمندری حیات، ٹیکسٹائل کے شعبوں میں موجود بے پناہ صلاحیت کو بروئے کار لایا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات بالخصوص 2022 کے سیلاب سے تباہی کا سامنا کرنا پڑا، موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے خطرات کم کرنے کیلئے ماحول دوست اور موسمیاتی طور پر پائیدار انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کرنا ہوگی۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ ماحول دوست اور صاف توانائی کو نیشنل انرجی مکس کا بنیادی حصہ بنانے کی ضرورت ہے، ماحول دوست توانائی سے اقتصادی ترقی کے مواقع پیدا ہوں گے جس سے توانائی سستی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پرائمری اور سیکنڈری تعلیم کی فراہمی ایک بنیادی حق ہے، شعبہ تعلیم کی موجودہ صورتحال پر تمام حکومتوں کو سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تسلیم کرنا ہوگا کہ پاکستان میں بچوں کی ایک بڑی تعداد اسکولوں سے باہر ہے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ ہماری بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر اسکول نہ جا پانے والے بچوں کی تعداد بڑھ رہی ہے، تمام صوبائی حکومتیں تعلیمی شعبے میں تبدیلی لانے کیلئے اصلاحات پر توجہ اور توانائی مرکوز کریں۔ انہوں نے کہا کہ پرائمری اور سیکنڈری تعلیم تک رسائی بہتر بنانے کے ساتھ معیار تعلیم بھی یقینی بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ شعبہ صحت کی از سر نو تعمیر، بڑے پیمانے پر توسیع کی اشد ضرورت ہے، پرائمری اور سیکنڈری صحت کے بنیادی ڈھانچے، انسانی وسائل پر سرمایہ کاری کرنا ہوگی۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ تمام شہریوں کی صحت کی معیاری خدمات تک رسائی یقینی بنانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ آمدن کے بحران اور غذائی عدم تحفظ کے کئی وجوہات ہیں، ہماری آبادی کا ایک بڑا حصہ غربت میں جا رہا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی کی وجہ سے عوام کی آمدن اور اثاثوں پر منفی اثرات مرتب ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ضروریات زندگی کی بڑھتی قیمتوں کی وجہ سے خاندانوں پر دباؤ میں اضافہ ہوا، لوگوں کیلئے نوکریوں کے مواقع پیدا کرنا ہوں گے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ عوام کو زراعت، مویشیوں اور چھوٹے پیمانے کے کاروبار میں سرمایہ کاری کیلئے وسائل تک رسائی دینا ہوگی۔ صدر مملکت نے کہا کہ معاشرے کے نچلے طبقات کے تحفظ، خودمختاری کیلئے کام کرنے والے سیاسی پس منظر سے تعلق ہونے پر فخر ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو خواتین کے حقوق کی علمبردار تھیں، شہید بے نظیر بھٹو نے ہمیشہ پاکستان کے معاشی اور سماجی طور پر کمزور طبقات کے حقوق کیلئے کام کیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے فخر ہے کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ملک بھر میں لاکھوں خواتین کی امداد کر رہا ہے، بے نظیر انکم اسپورٹ پروگرام کی مدد سے خواتین کو مالی امداد، سماجی تحفظ اور چھوٹے کاروبار کیلئے سرمایہ فراہم کیا جا رہا ہے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ خوشی ہے کہ غربت کے خاتمے کے پروگرام سے مستفید ہونے والوں کی تعداد 90 لاکھ سے بڑھ چکی ہے، بے نظیر انکم اسپورٹ پروگرام کے نیٹ ورک کو مزید پسماندہ خواتین تک پھیلانے کی ضرورت ہے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ امید ہے کہ نئی حکومت سماجی اور معاشی تحفظ کیلئے فعال طور پر کام کرے گی، لڑکیوں کی تعلیم کے فروغ، صحت، ماں اور بچے کی غذائیت، شرح اموات کم کرنے کیلئے کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کا عفریت ایک بار پھر اپنا گھناؤنا سر اٹھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی سے ہماری قومی سلامتی، علاقائی امن و خوشحالی کو خطرہ ہے، پاکستان دہشت گردی کو ایک مشترکہ خطرہ سمجھتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پڑوسی ممالک سے دہشت گرد گروہوں کا سختی سے نوٹس لینے کی توقع رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد گروہ ہماری سیکورٹی فورسز اور عوام کے خلاف حملوں میں ملوث ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ دہشت گرد عناصر کے خاتمے کے قوم کے عزم کا اعادہ کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میری اہلیہ اور دو بار منتخب وزیراعظم بے نظیر بھٹو شہید نے دہشت گردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے جان دی، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے اتحاد اور تحریک پیدا کرنے میں کبھی پیچھے نہیں رہوں گا۔ صدر مملکت نے کہا کہ ہمیں اپنی مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر فخر ہے، مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ، قومی سرحدوں کے دفاع میں بے پناہ قربانیاں دی۔ صدر مملکت نے کہا کہ ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دینے پر دوست ممالک بالخصوص سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، چین، ترکی اور قطر کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ صدر مملکت نے کہا کہ امریکہ، یورپی یونین اور برطانیہ ہمارے تجارتی پارٹنرز ہیں، امید ہے امریکہ، یورپی یونین اور برطانیہ کیساتھ تعاون میں مزید اضافہ ہوگا، صدر مملکت نے کہا کہ مختلف شعبوں میں پاکستان کی غیر متزلزل حمایت پر چین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں،

بقیہ 10

میریٹ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے آج پارلیمنٹ ہاؤس میں ان سے ملاقات کی۔ اسپیکر نے پارلیمانی تعاون کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمانی سفارتکاری دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کر سکتی۔ انہوں نے دونوں ممالک کی پارلیمانوں کے مابین پارلیمانی دوستی گروپس اور اعلیٰ سطحی وفود کے تبادلوں کے ذریعے ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی قومی اسمبلی کی جانب سے سپیکر ہاؤس آف کامنز کو ارکان پارلیمنٹ کے ہمراہ دورہ پاکستان کیلئے دعوت نامہ ارسال کیا جائے گا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے پاکستانی تارکین وطن کی دونوں ممالک کی ترقی میں نمایاں شمولیت کی تعریف کی۔ انہوں نے سمندر پار پاکستانیوں کو ملک کا قیمتی اثاثہ قرار دیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ سمندر پار پاکستانیوں کی سہولت کے لیے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے بات چیت کے ذریعے اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ مزید برآں، انہوں نے برطانیہ میں پاکستانی طلباء کے لیے اسکالرشپ کی صورت میں مزید تعلیمی مواقع فراہم کرنے پر غور کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے اسپیکر قومی اسمبلی کے تاثرات کو سراہا۔ انہوں نے اسپیکر کی جانب سے اٹھائے جانے والے کو مسائل کو متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھانے پر اتفاق کیا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے مابین تعلقات ماضی کی نسبت مزید مستحکم ہونگے جس سے دونوں ممالک کے مابین پارلیمانی اور عوامی سطح پر رابطوں کو فروغ ملے گا۔

بقیہ 11

سیلز ٹیکس ویلیو 140 سے بڑھا کر 204 روپے کر دی گئی ہے، ریجن ون میں پختونخواہ، بلوچستان، راولپنڈی اسلام آباد، گوجر خان شامل پر مشتمل پوٹھوہار کا خطہ شامل ہے۔ ریجن ٹو کیلئے بھی سیلز ٹیکس ویلیو 135 روپے سے 200 روپے فی کلو مقرر کر دی گئی ہے، ریجن ٹو صوبہ سندھ اور پنجاب کے دیگر شہروں پر مشتمل ہے۔ ایف بی آر کے مطابق 200 روپے ویلیو کی بنیاد پر 18 فیصد کے حساب سے سیلز ٹیکس لاگو ہوگا۔ سی این جی صارفین پر سپلائی ویلیو کے حساب سے جی ایس ٹی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 12

بہتر رابطہ کاری زور دیا۔ ملاقات میں بہترین عوامی مفاد میں قانون سازی کے حوالے سے امور بھی زیر بحث آئے۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، سابق ڈپٹی سپیکر فیصل کریم کنڈی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور سینیٹر سلیم مانڈوی والا بھی موجود تھے۔

بقیہ 13

کہ لاہور پریس کلب سوسائٹی میرے دل کے قریب ہے، شہباز شریف جب اس سوسائٹی کی ڈویلپمنٹ کر رہے تھے تب میں پارلیمانی سیکرٹری کام کر رہی تھی۔ جہاں ہم اس سوسائٹی کو چھوڑ کر گئے یہ اس سے دس سال پیچھے چلی گئی۔ پانی کے مسائل کے حوالے سے واسا سے بات ہوئی ہے۔ لیسکو کے جو مسائل ہیں اس پر بات چیت ہوئی ہے۔ اس سوسائٹی میں آپ کے لئے پارک بننے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے دروازے آپ لئے کھلے ہمیشہ ہیں، ماضی میں ایک وزیراعلیٰ نے پسند نا پسند پر کچھ فیصلے کئے۔ انہوں نے کہا کہ کینال کی کراسنگ کا ایشو ہے اس کا پی سی ون کرواتے ہیں، برج بننے سے صحافی کالونی کے ساتھ دوسری سوسائٹیز کے مسائل بھی حل ہوں گے۔

بقیہ 14

میں درپیش مسائل کے حل اور صوبے کی مجموعی سماجی اقتصادی صورتحال پر گفتگو کی۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی بطور وزیراعلیٰ بلوچستان خدمات کو سراہتے ہوئے ان کی قیادت میں شروع کیے گئے مثالی ترقیاتی منصوبوں کو سراہا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو ترقیاتی عمل میں شامل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بلوچستان کی ترقی کے لیے اجتماعی ذمہ داری اور سیاسی قوتوں کے درمیان اتحاد کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ بیروزگاری اور غربت کے خاتمے کے لیے جامع منصوبہ بندی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملاقات میں صوبہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا اور خطے میں سماجی اور اقتصادی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے مربوط کوششوں کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

بقیہ 15

ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ نے فوری کارروائی کرنے کی ہدایت کی جس پر اینٹی کرپشن کی ٹیم نے مجسٹریٹ کے ہمراہ چھاپہ مار کر موقع پر ملزم سے نشان زدہ نوٹ برآمد کر کے ملزم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ ملزم منیر احمد قیصر سینئر کلرک محکمہ ایجوکیشن گوجرانوالہ کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

بقیہ 16

جسٹس محمد علی مظہر کی سربراہی میں جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس عرفان سعادت خان پر مشتمل 3 رکنی بنچ نے سماعت کی، ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لاء الیکشن کمیشن محمد ارشد عدالت میں پیش ہوئے۔ اس موقع پر عوامی نیشنل پارٹی کے درخواستگزار اصغر خان کے وکیل نے کہا کہ 12 پولنگ اسٹیشنز کے علاوہ بھی مزید 11 پولنگ اسٹیشنز ایسے ہیں جہاں ان نیچرل ٹرن آؤٹ رہا ہے۔ اس پر جسٹس محمد علی مظہر نے ریمارکس دیے کہ فوری طور پر اس معاملے کا فیصلہ نہیں کر سکتے، الیکشن کمیشن کی رائے کے بعد طے کرتے ہیں۔ سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن پر اظہار برہمی کرتے ہوئے کہا کہ من پسند پولنگ اسٹیشن پر ری پولنگ کس قانون کے تحت کروائے جا رہے ہیں؟ قانون سب کے لیے ایک ہوتا ہے۔ عدالت نے سوال اٹھایا کہ کیا ٹرن آؤٹ صرف ان 12 پولنگ اسٹیشن پر ہی زیادہ ہوا؟ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ 97، 98 فیصد ٹرن آؤٹ والے پولنگ اسٹیشن پر ری پول نہیں کروائے جا رہے اور 74 فیصد والے ٹرن آؤٹ پر دوبارہ انتخابات ہو رہے ہیں؟ وکیل اصغر خان اچکزئی نے دلائل دیے کہ الیکشن کمیشن 24 کے بجائے 12 اسٹیشن پر ری پولنگ کا آرڈر دے کر اپنے ہی رولز کی خلاف ورزی کر رہا ہے، ہم تمام پولنگ پر ری الیکشن کے لیے بھی تیار ہیں۔ ڈی جی لاء الیکشن کمیشن محمد ارشد نے بتایا کہ اس معاملے پر عدالتی کارروائی مکمل ہونے تک الیکشن روکنے کر ہمیں کوئی اعتراض نہیں، عدالت چاہے تو 7 یا 10 دن کے لیے الیکشن مؤخر کر سکتی ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ الیکشن کمیشن 12 پولنگ اسٹیشنز پر انتخابات کے لیے 10 دن بعد نیا شیڈول جاری کرے۔ بعدازاں عدالت نے سماعت 23 اپریل تک ملتوی کرتے ہوئے 12 پولنگ اسٹیشنز پر 21 اپریل کو ہونے والی ری پولنگ روک دی سماعت ہی عدالت نے اٹارنی جنرل کو بھی نوٹس جاری کر دیا۔ واضح رہے کہ 2 اپریل کو الیکشن کمیشن نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی کی عام انتخابات میں کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل کرتے ہوئے پی بی 51 چمن کے 12 پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ ووٹنگ کا حکم جاری کر دیا تھا۔

بقیہ 17

یوسف رضا گیلانی بھی ہمراہ تھے، مشترکہ اجلاس میں 4 بجکر 16 منٹ پر صدر اور سپیکر اور چیئرمین سینٹ ایوان میں آئے اس موقع پر اپوزیشن نے شدید نعرے بازی شروع کی تو خلاف معمول قومی ترانے شروع کر دیا گیا جس پر سب کھڑے ہو گئے اور اپوزیشن بھی خاموش ہو گئی۔ صدر کے خطاب کے دوران اپوزیشن اراکین پلے کارڈ اور تحریک انصاف کے جھنڈے والے مفلر پہن کر آئے۔ اپوزیشن اراکین اجلاس میں کچھ کا ڈاکو کچے کا ڈاکو کے نعرے لگاتے جاتے رہے۔ بعدازاں آصف علی زرداری کی تقریر شروع ہوتے ہی اپوزیشن نے شدید احتجاج کیا، گو زرداری گو، عمران کو رہا کرو، کون بچائے گا پاکستان عمران خان عمران خان، بی بی ہم شرمندہ ہیں تیرے قاتل زندہ ہیں کے نعرے لگائے۔ جمشید دستی کی طرف سے صدر کے ڈائس کے سامنے عمران خان کا پینافلیکس رکھنے پر عبدالقادر پٹیل اور پیپلز پارٹی کے ارکان بھی سامنے آگئے سارجنٹس نے فوراً جا کر پینافلیکس ہٹا دیا جبکہ سیٹیاں بھی ایوان میں بجتی رہیں۔ اس موقع پر مسلم لیگ (ن) کے ارکان شہباز شریف کے گرد جمع ہوئے، جمشید دستی ایوان میں باجا بجاتے رہے۔ صدر نے 4 بجکر 21 منٹ پر خطاب شروع کیا اور 45 منٹ پر ختم کر دیا تقریباً 24 منٹ میں صدر نے اپنا خطاب مکمل کیا۔ خطاب کے بعد سپیکر نے اجلاس غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کر دیا۔

بقیہ 18

سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر 118 کنکشن منقطع کیے اور 46 لاکھ 70 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ٹیم نے 14 FIRs بھی درج کی گئی۔ ساہیوال میں ٹیم نے غیر قانونی استعمال پر 2 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ فیصل آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 کنکشن منقطع کیے 80 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ گجرانوالہ میں کارروائی کے دوران غیر قانونی استعمال پر 2 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر بھی ایک گیس کنکشن منقطع کیا گیا اور 4 لاکھ 60 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے مردان میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 8 گیس کنکشن منقطع جبکہ 1 لاکھ 60 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ سرگودھا میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر ایک گیس کنکشن منقطع کیا گیا اور 25 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے

بقیہ 19

میں سرمایہ کاری پاکستان کے دشمنوں کو ہضم نہیں ہو رہی، ایسے عناصر کے لئے ہدایت کی دعا کرتے ہیں، کاش یہ ملک کے مفاد میں بھی بات کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی مخالفت میں ملک دشمنی نامناسب ہے، آپ ہم پر تنقید کریں لیکن پاکستان پر تنقید ناقابل برداشت ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہمارے دوست ممالک پاکستان میں سرمایہ کاری و تعاون کی حمایت اور دوستی کا ہاتھ بڑھا رہے ہیں، پاکستان انشاءاللہ ترقی کرے گا، ہم اپنے دوست ممالک کے ساتھ روابط بڑھائیں گے۔

بقیہ 20

سکول صبح 8 بجے لگا کریں گے جبکہ چھٹی ایک بج کر 30 منٹ پر ہوگی۔ اسی طرح جمعہ کے روز گرلز سکولوں کو 11 بج کر 45 منٹ پر اور بوائز سکولز کو 12 بجے چھٹی ہوگی۔ ڈبل شفٹ میں پہلی شفٹ کے سکول صبح پونے 8 بجے لگیں گے اور چھٹی سوا 12 بجے ہوگی جبکہ سیکنڈ شفٹ کے سکول سوا 2 بجے لگیں گے اور چھٹی شام ساڑھے 5 بجے ہوگی۔

بقیہ 21

گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق گزشتہ روز مرید کے جی ٹی روڈ پر لاہور سے گجرات جانے والی فیملی کے ایوری ڈبہ کو کھوڑی بس اسٹاپ کیقریب ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث حادثہ پیش آگیا جس کے نتیجہ میں بہن بھائی امتیاز بی بی اور اسکا بھائی رفیق موقع پر جاں بحق ہو گئے، تین افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں سے زخمی تشویشناک حالت میں لاہور منتقل کر دیا گیا۔ مذکورہ فیملی لاہور سے گجرات جا رہی تھی، تھانہ صدر پولیس نے حادثہ اتفاقی قرار دیا ہے۔

بقیہ 22

کے الیکٹرک کے خلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ سندھ ہائیکورٹ کی جانب سے کے الیکٹرک حکام پر اظہار برہمی کرتے ہوئے کمپنی کے وکیل سے سوال کیا گیا کہ درخواست گزار کا مسئلہ حل کیوں نہیں کیا؟ کے الیکٹرک کے وکیل نے جواب دیا کہ درخواست گزار ہمارے پاس آتے ہی نہیں۔ درخواست گزار نے کہا کہ جب انہوں نے کنڈے کا بل بھیجا کیا یہ میرے پاس آئے تھے؟ کے الیکٹرک نے 2018ء سے اب تک 4 بار کنڈے کا بل بھیجا۔ درخواست گزار نے کہا کہ 4 لاکھ سے زائد کا کنڈے کا بل بھیجا گیا ہے۔ بعدازاں عدالت نے کے الیکٹرک حکام کو شہری سے مل کر مسئلہ حل کرنے کی ہدایت کر دی۔

بقیہ 23

حکم جاری کر دیا ہے اور قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 24

بریفنگ دیتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر چیئرمین بورڈ ارشد فرید خان، سیکرٹری بورڈ فرید اقبال، قانونی مشیر حافظ احسان کھوکھر، ڈائریکٹر ایف آئی اے ثاقب سلطان، سی اے عدیل احمد، رجسٹرار فیاض احمد، عظمٰی شہزادی کے علاوہ ایف آئی اے، فیڈرل آڈٹ و بورڈ افسران نے شرکت کی۔ شعیب سڈل نے کہا کہ سپریم کورٹ کے احکامات کے مطابق متروکہ وقف املاک بورڈ کے زیرانتظام اراضیات ور تاریخی ورثہ کی حفاظت کے لیے تمام صلاحتیں بروئے کار لائیں جا رہی ہیں، ایف آئی اے اور پولیس کی سپورٹ سے کمیشن نے اپنے مطلوبہ ٹاگٹ مکمل کیے ہیں جبکہ موثر کاروائی کے لیے سپارکو سمیت جدید ٹیکنالوجی سے ہمیں مدد ملی ہے، اور ٹرسٹ بورڈ کی آمدن میں مزید اضافہ اور ایف آئی اے کے تعاون سے قیمتی پراپرٹی واگزار کروانے کے لیے بھی بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں چیئرمین بورڈ ارشد فرید خان نے کہا کہ گوجرانولہ میں سادھی کا قبضہ حال کر کے اسے بحال کیا جا رہا ہے۔ سیکرٹری بورڈ فرید اقبال نے ننکانہ صاحب اور سچا سودا میں قبضہ گروپوں کے خلاف کی جانے والی کاروائیوں کے بارے میں میڈیا کے نمائندوں کو آگاہ کیا۔ انکا مزید کہنا تھا کہ چیئرمین بورڈ کے احکامات کے مطابق ملک بھر میں قبضہ گروپوں کے خلاف کاروائیوں میں میزید بہتری لانے کے لیے خصوصی اسکواڈ تشکیل دیا گیا ہے جو کارکردگی کے حوالے سے روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ مرتب کرتا ہے۔ بورڈ ترجمان کے مطابق چیئرمین ون مین کمیشن نے سیکرٹری بورڈ و دیگر افسران کے ہمراہ تاریخی جین مندر اور باسمکی مندر نیلا گمبد کے علاوہ گوردوارہ ڈیرہ صاحب کا بھی دورہ کیا اور ٹرسٹ بورڈ کی جانب سے مندروں اور گوردواروں میں کیے گئے انتظامات کو سراہا۔

بقیہ 25

وزیر تعلیم میاں عمران مسعود نے بوٹی مافیا کے خلاف آپریشن پر وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کو سراہا اور تعلیمی ریفارمز کے حوالے سے بھی ان کے وژن کی تعریف کی۔ رانا سکندر حیات اور میاں عمران مسعود کے مابین نجی تعلیمی اداروں کے مسائل کے حل کے حوالے سے کمیٹی بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں سنگل نیشنل کریکولم اور نصابی کتب کی پرنٹنگ و ترسیل کے عوامل میں تاخیر کے معاملے پر سیر حاصل گفتگو بھی کی گئی اور اس ضمن میں اہم نکات پر مشاورت کی گئی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے اگلے تعلیمی سال سے ماہ جنوری تک کتب کی پرنٹنگ اور فروری تک تقسیم کا مرحلہ مکمل کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ رانا سکندر حیات نے میاں عمران مسعود دور کے "پڑھا لکھا پنجاب "اور" بڑھے گا پنجاب " جیسے تعلیمی منصوبوں کی تحسین کی اور تجربات سے استفادہ کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ رانا سکندر حیات نے مزید کہا کہ میاں عمران مسعود نے اپنے دور میں ریکارڈ تعلیمی اقدامات کئے۔ ان کے تعلیمی تجربات سے استفادہ کرتے ہوئے تعلیمی چیلنجز کا احاطہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کا کردار ریوائز کرنے پر غور کر رہے ہیں جبکہ تعلیمی ریفارمز کی تیاری میں بھی تمام سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے آگے بڑھ رہے ہیں۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ بوٹی مافیا کے خلاف اقدامات کی ضرورت ایک عرصہ سے محسوس کی جا رہی تھی۔ تعلیمی مافیا کے گرد گھیرا تنگ کر رہے ہیں۔ انہیں ہرگز من مانی نہیں کرنے دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ نصاب کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے جلد ورکنگ مکمل کر لی جائے گی۔ آئندہ سال تعلیمی ایمرجنسی کے تناظر میں نہایت اہمیت کا حامل ثابت ہوگا۔

بقیہ 26

کے لیے قانون سازی پارلیمان کے ذریعے جلد کی جائے گی، کمشنر ان لینڈ ریونیو کے مقدمات ٹریبونل میں منتقل ہو جائیں گے۔ حکومتی دستاویز میں بتایا گیا کہ ان 35 دفاتر میں 19 ہزار 899 کیس التوا کا شکار ہیں، ان لینڈ ریونیو کمشنرز اپیل کے دفاتر میں 1158 ارب روپے کے ٹیکس کیس زیر التوا ہیں۔ دستاویز میں کہا گیا کہ ٹریبونلز میں 71 ہزار 664 مقدمات ٹیکس سے متعلق زیر التوا ہیں، ٹریبونلز میں زیر التوا مقدمات 2 ہزار 237 ارب روپے سے متعلق ہیں، اس وقت مختلف عدالتوں میں مجموعی طور پر ایک لاکھ 45 ہزار 36 کیسز زیر التوا ہیں۔ دستاویز کے مطابق زیر التوا کیسز میں 4 ہزار 236 ارب روپے ٹیکس کے معاملات پر فیصلہ ہونا ہے، چاروں ہائی کورٹس میں 19 ہزار 528 مقدمات زیر التوا ہیں، ہائی کورٹس میں 740 ارب روپے کے مقدمات زیر التوا ہیں، سپریم کورٹ میں ٹیکس سے متعلق 5345 مقدمات التوا کا شکار ہیں۔

بقیہ 27

بندی کی خدمات تک مفت رسائی فراہم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ یہ پروگرام خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کی فراہمی کے نظام میں دیکھ بھال کے معیار کو بھی ادارہ جاتی بنائے گا۔ یہ عوامی معلومات اور وکالت کی مہم میں معاونت کرے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ خاندانوں کو خاندانی منصوبہ بندی کے فوائد سے آگاہ کیا جا سکے۔ یہ پروگرام کلینکل فرنچائزنگ، واؤچر سکیمیں، اور کمیونٹی لیڈرز کے ذریعے فیملی پلاننگ کونسلنگ جیسی اختراعات کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگا، جنہیں پنجاب کے مختلف اضلاع میں پائلٹ کیا گیا اور خاندانی منصوبہ بندی کے نتائج میں بہتری دکھائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیڈی ہیلتھ ورکرز، فیملی ویلفیئر ورکرز اور کمیونٹی ہیلتھ ورکرز کے ایک وسیع نیٹ ورک کے ذریعے جو کہ صحت کی سہولیات، فیملی ہیلتھ کلینک اور فیملی ویلفیئر سینٹرز سے منسلک ہیں، یہ پروگرام ان علاقوں اور کمیونٹیز تک پہنچے گا جن تک فیملی پلاننگ کی خدمات تک محدود یا کوئی رسائی نہیں ہے۔ پروگرام خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کے استعمال کو بڑھانے کے لیے واؤچر ترغیبی اسکیم، سماجی مارکیٹنگ، مرد اور کمیونٹی رہنماؤں کی مصروفیت اور نوجوانوں کے پلیٹ فارم کو بھی آگے بڑھائے گا۔ سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر نے کہا کہ یہ خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات فراہم کرنے والوں کی باہمی رابطے کی مہارت کو بھی بہتر بنائے گا۔ پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام برائے پاکستان کے نتائج کے ترقیاتی مقصد پنجاب میں خاندانی منصوبہ بندی کی مؤثر معیاری خدمات کے استعمال کو آگے بڑھانا ہے۔ ورلڈ بنک کے مشن نے پنجاب میں جاری ہونے والے پروگرام کی بے حد تعریف کی اور اطمینان کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ 28

پسندانہ نرخ کے فیصلے کو جبر سے لاگو کرنے کیلئے انتظامیہ ناجائز مقدمات درج کر کے بھاری جرمانے کر رہی ہے۔ نان بائیوں نے مطالبہ کیا ہے کہ روٹی اور نان کی قیمتیں کم کرنے کا نوٹیفکیشن فوری واپس لیا جائے ہم کسی صورت روٹی اور نان کی قیمت کم نہیں کریں گے۔

بقیہ 29

ہی پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے صحافیوں نے جہاں ملزمان گاڑی چھوڑ کر بھاگے تھے مذکورہ جگہ اور اس سے ملحقہ گلیوں کا معائنہ کیا مگر ایسے کسی بھی قسم کے کوئی شواہد یا خون کے دھبے کہیں بھی نہ ملے جس سے یہ ثابت ہوتا کہ ملزمان زخمی ہوئے تھے جبکہ چھینی گئی گاڑی پر بلٹس کے واضح نشانات موجود تھے جبکہ راولپنڈی کے جس شہری سے گاڑی چھینی گئی تھی وہ بھی گوجرخان پولیس کا جب سرچ آپریشن جاری تھا اس دوران پہنچ گیا تھا ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او گوجرخان اور ٹیم نے مذکورہ گاڑی کو تھانے منتقل کیا جہاں قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد گاڑی مالک کے حوالے کر دی گئی اس موقع پر راولپنڈی کے رہائشی سردار عدنان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے راولپنڈی پولیس حکام سمیت ایس ڈی پی او سلیم خٹک اور ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک کاشف اور ٹیم کو زبردست انداز میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پولیس ٹیم کی موثر حکمت عملی اور بروقت کارروائی کے سبب گاڑی مجھے ملی ہے جس کا کریڈٹ پولیس گوجرخان کو جاتا ہے جن کا میں انتہائی مشکور و ممنون ہوں جنہوں نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر ملزمان سے نبرد آزما ہوئے اور انکے چنگل سے گاڑی بازیاب کروانے میں کامیاب ہوئے۔

بقیہ 30

قتل کر ڈالا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم نشے کا عادی ہے جو موقع سے فرار ہے، پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے تفتیش شروع کر دی ہے۔ جبکہ مقتولہ کی لاش پوسٹمارٹم کے مردہ خانے منتقل کر دی گئی ہے۔ دوسری جانب شادباغ میں نالے سے خاتون کی تشدد زدہ لاش ملی۔ پولیس کے مطابق خاتون کی شناخت سحر کے نام سے ہوئی۔ خاتون کچھ دن پہلے سسرالیوں سے ناراض ہو کر میکے آئی۔ ایک روز قبل سسرالی منا کر خاتون کو ساتھ لے گئے تھے۔ ڈی آئی جی آپریشنز سید علی ناصر رضوی نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس پی سٹی سے معاملے کے بارے میں رپورٹ طلب کر لی۔ انہوں نے سیف سٹی اور سی سی ٹی وی کیمروں سے مدد لینے کی ہدایت کرتے ہوئے ملزمان کو جلد گرفتار کرنے کا حکم دیا ہے۔

بقیہ 31

پولیس کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن وامان کے قیام کے سلسلے میں جاری کارکردگی کے بارے میں بتایا گیا، اس موقع پر ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ عوام کو چاہیے کہ معاشرے کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کریں، جبکہ پولیس کو اپنے کام پر توجہ دینی چاہیے، گزشتہ ایک ماہ کے دوران جرائم کی بیخ کنی کیلئے نئی حکمت عملی اپنائی گئی ہے، اس سلسلے میں طلباء کو چاہیے کے وہ مثبت پہلوؤں کو اجاگر کرے، انہوں نے مزید کہا کہ شہری کہیں بھی جرم دیکھیں تو فوری پولیس کو رپورٹ کریں، عوام کی جان و مال کی حفاظت اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولت دینے کیلئے مزید بہتری پر کام جاری ہے، پولیس افسران و جوانوں کی ویلفیئر کیلئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں جبکہ مزید پر کام جاری ہے، انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ میں خود احتسابی کا عمل جاری جو بنیادی اہمیت کا حامل ہے جبکہ رشوت ستانی اور اختیارات سے تجاوز پر زیرو ٹالرینس پالیسی اپنائی جائے گی۔

بقیہ 32

برآمد، ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں راہزنی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا گیا، گرفتار ملزم کی شناخت محمد اقبال کے نام سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے تھانہ شہزاد ٹاؤن کے علاقوں میں وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے مسروقہ قیمتی موبائل فون برآمد کر لیے گئے، گرفتار ملزم کی شناخت محمد آصف کے نام سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے تھانہ انڈسٹریل ایریا کے علاقوں میں وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار 15" "یا" آئی سی ٹی ایپ 15 "پر فوری اطلاع کریں۔

بقیہ 33

نا ٹیکوپ ہے۔ ذرائع کے مطابق اسلحہ لائسنس بنوانے کے خواہشمند شہریوں کو وزارت داخلہ سے اجازت حاصل کرنی ہوگی۔ یہ اجازت نامہ آن لائن پراسیس کے ذریعے وزارت داخلہ کی طرف سے نادرا کے سسٹم میں اپ لوڈ کیا جائے گا۔ اس کے بعد مقررہ مدت کے دوران درخواست دہندہ کی بائیو میٹرک اور ڈیمانڈ نوٹس کا اجراء ہوگا اور یہ دونوں کام نادرا کی طرف سے کیے جائیں گے۔ اسی طرح مجاز ڈیلر سے اسلحہ خرید کر اس کی ڈیمانڈ نوٹس پر انٹری کی جائے گی اور اس کی ڈی سی آفس سے تصدیق کے بعد ڈیمانڈ نوٹس نادرا میں جمع کرا دیا جائے گا، جہاں سے بعدازاں درخواست دہندہ کو لائسنس کا اجراء ہوگا۔ ممنوعہ بور اسلحہ لائسنس کی فیس 28 ہزار روپے رکھی گئی ہے، جس میں 25 ہزار روپے حکومت کی فیس اور 3 ہزار روپے نادرا کی فیس شامل ہے۔ اسی طرح غیر ممنوعہ بور اسلحہ لائسنس کی فیس ساڑھے 14 ہزار روپے ہے، جس میں حکومت کی فیس ساڑھے 12 ہزار روپے اور نادرا کی فیس ڈیڑھ ہزار روپے ہے۔ ٹیکس دہندگان کیلئے یہ فیس آدھی ہوگی۔

بقیہ 34

سے چھینی گئی رقم 02 لاکھ روپے، 02 موبائل فون اور وارادات میں استعمال ہونے والے 02 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ملزمان کی گرفتاری پر ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے ایس ڈی پی او سول لائنز، ایس ایچ او سول لائنز اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 35

شہریوں کو ڈرائیونگ لائسنس کے حصول اور اس کی افادیت کے بارے میں بھی بتاتی ہے۔ ایجوکیشن ٹیمیں سکول کالج یونیورسٹیز اور درسگاہوں میں جا کر ٹریفک قوانین کے بارے میں لیکچر دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر شہری تک ٹریفک قوانین کا پیغام پہنچنا ضروری ہے، حادثات کی بڑی وجہ ٹریفک قوانین کی لاعلمی ہے۔ لاری اڈے بس سٹاپس یونین کونسلز میں جا کر ایجوکیشن ٹیمز لیکچر دیتی ہیں۔ تعلیمی نصاب میں بھی ٹریفک قوانین کو شامل کر دیا گیا ہے۔ بچے دوسرے نصاب کی طرح ٹریفک نصاب کو بھی باقاعدگی سے پڑھیں گے۔

بقیہ 36

نیب لاہور کے مطابق ملزم حبیب قاسم سب انجینئر تھا، ملزم نے 40 فیصد پے آرڈر اکاؤنٹ میں جمع کروا دیا۔ علاوہ ازیں احتساب عدالت لاہور نے سابق وزیراعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی و دیگر کے خلاف ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن ریفرنس کی سماعت 9 مئی تک ملتوی کر دی۔ احتساب عدالت کے جج زبیر شہزاد کیانی نے ریفرنس پر سماعت کی۔ عدالت میں پرویز الٰہی کا میڈیکل سرٹیفکیٹ پیش کیا گیا۔ عدالت نے ریفرنس کی صاف کاپیاں فراہم کرنے کی درخواست پر وکلا سے دلائل طلب کر لیے اور کارروائی 9 مئی تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ 4 اپریل کو ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن کے ریفرنس میں پرویز الٰہی اور دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد نہیں ہو سکی تھی۔ جیل کے ایک حکام نے عدالت کو بتایا تھا کہ پرویز الٰہی اپنے سیل کے واش روم میں گرنے سے 4 پسلیاں ٹوٹ گئیں، انہوں نے کہا تھا کہ ڈاکٹروں نے سابق وزیراعلیٰ کو سفر نہ کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ خیال رہے کہ گزشتہ برس 19 ستمبر کو پرویز الٰہی کو اس مقدمے سمیت محمد خان بھٹی کی غیر قانونی تعیناتی کے معاملے پر دوبارہ میں حراست میں لے لیا گیا تھا۔

بقیہ 37

روانی کے ساتھ پنجابی زبان میں مدلل خطاب کیا جس نے بیساکھی میلہ کی تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔ خطاب کے دوران ایک موقع پر وزیراعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ اسی پنجاب چ وسدے آں تے پنجاب ساڈے دل چ وسدا اے۔ سکھ یاتریوں نے وزیراعلیٰ کے پنجابی میں خطاب کو خوب سراہا۔

بقیہ 38

ٹرین میں نہیں تھا، معلوم ہوا کہ خاتون کی ہلاکت ٹرین سے گرنے یا چھلانگ لگانے سے ہوئی۔ رپورٹ میں کانسٹیبل میر حسن کو خاتون پر تشدد کرنے کا ذمہ دار قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 12 اپریل کو کانسٹیبل میر حسن کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی، ڈیوٹی افسر اے ایس آئی تنویر نے خاتون کا ہنگامہ دیکھ کر کارروائی نہ کی۔ انکوائری رپورٹ کے مطابق ایس ایچ او ریلوے حیدرآباد نے بھی ٹرین میں جا کر معاملہ حل نہیں کیا، ایس ایچ او اور ریلوے پولیس غلام حسین نے ڈیوٹی میں سنگین کوتاہی کی۔

بقیہ 39

نے رجسٹرار آفس کو درخواست 18 اپریل کو چیف جسٹس کے روبرو پیش کرنے کا حکم دیا۔ عدالت عالیہ کے تحریری فیصلہ میں لکھا گیا کہ فواد چودھری کا سات دنوں کا وقت 18 اپریل سے شروع ہوگا، فواد چودھری ویڈیو لنک کے ذریعے عدالتوں میں پیش ہوں گے، فواد چودھری 36 کیسز میں ضمانت کی درخواستیں دائر کریں گے۔ لاہور ہائیکورٹ کے تحریری فیصلہ میں یہ بھی کہا گیا کہ رجسٹرار آفس مناسب احکامات کیلئے درخواست چیف جسٹس کے روبرو پیش کریں، فواد چودھری عبوری ضمانتوں میں ٹھیک 10 بجے ویڈیو لنک پر ماتحت عدالتوں میں پیش ہوں گے جبکہ سیشن کورٹ لاہور کے ویڈیو لنک کے ذریعے حاضری لگوائیں گے۔

بقیہ 40

15 منٹ پر تحریک انصاف کے حمایت یافتہ ارکان عمران خان کے حق میں نعرے لگاتے ہوئے داخل ہوئے، 4 بجکر 16 منٹ پر صدر اور سپیکر اور چیئرمین ایوان میں آئے۔ 4 بجکر 21 منٹ پر صدر نے خطاب شروع کیا اور 4 بجکر 45 منٹ پر خطاب مکمل ہوا۔ صدر نے 23 منٹ ایوان سے خطاب کیا۔

بقیہ 41

سائیکل پر جا رہا تھا کہ پروٹوکول سکواڈ میں شامل گاڑی نے مبینہ طور پر موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی جس سے ابوبکر جاں بحق ہو گیا۔ تھانہ صدر پولیس نے جاں بحق ہونے والے ابوبکر کے کزن کی مدعیت میں نامعلوم سرکاری ڈالے کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ اس حوالے سے وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمٰی بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے نارووال میں گاڑی کی ٹکر سے بچے کی ہلاکت کا نوٹس لے لیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر فوری مقدمہ درج کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے فوراً کارروائی کی ہدایت جاری کی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب نے گاڑی کی نشاندھی اور ملزمان کی گرفتاری کا حکم جاری کر دیا ہے، قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 42

موقع وہاں ایم ایس ڈاکٹر سرمد کیانی، ڈاکٹر سہیل اعجاز اعوان، ڈاکٹر شہریار، سیاسی سماجی شخصیت چوہدری ظفر رنگاڑا سمیت دیگر افراد بھی موجود تھے انہوں نے بھی اظہار افسوس کیا مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا کی۔

بقیہ 43

موسم برسات کی حالیہ بارشوں کا ہائی الرٹ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کیا جا چکا ہے تصویر میں نظر آنے والے پل کی خستہ حالی کو دیکھ کر بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ کس قدر اسکے پلرز اور پشتین پانی کی تغیانی کے باعث ٹوٹ پھوٹ چکے ہیں جو کہ کسی بھی وقت خطرے کا موجب بن سکتے ہیں اس بڑی ندی میں دیگر کہیں چھوٹی ندیوں کا سیلابی پانی بھی شامل ہوتا جسکی وجہ سے یہ ندی دریا کی شکل اختیار کر لیتی ہے عوامی سماجی حلقوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نجانے حکام کس وقت کا انتظار کر رہے ہیں جو بارہا توجہ مبذول کروانے کے باوجود اسکی مناسب رپیرنگ نہیں کروائی جا رہی کیا حکام یہ چاہتے ہیں کہ کوئی بڑا جانی مالی سانحہ رونما ہو اور اسکے بعد اس کی تعمیر و مرمت کروائی جائے گی عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور چیف سیکرٹری پنجاب سمیت ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی بڑے حادثے کے رونما ہونے سے پہلے ٹیموں کو بھیجا جائے اور پل کی تعمیر و مرمت کروائی جائے کیونکہ یہاں پر ٹریفک کا بہاؤ بہت زیادہ ہے ہیوی ٹریفک کی بھی یہ واحد گزرگاہ ہے اگر یہ پل ٹوٹ جاتا ہے تو شرقی علاقے کا رابطہ شہر سے کٹ جائے گا

بقیہ 44

وصول کئے جائیں گے۔ ٹوکن ٹیکس نادہندہ مزید گاڑیوں کی رجسٹریشن معطل کر دی جائے گی۔

بقیہ 45

سکتی ہے، بالائی پنجاب کے اضلاع میں ژالہ باری کے بھی امکانات ہیں۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا کے مطابق موجودہ موسمی صورتحال میں آسمانی بجلی کی گرج چمک کے امکانات زیادہ ہیں، آسمانی بجلی سے بچا کیلئے محفوظ مقامات پر رہیں، خراب موسمی صورتحال میں کھلے آسمان تلے ہرگز مت جائیں، ضلعی انتظامیہ خاص طور پر 24 گھنٹے الرٹ رہے، لینڈ سلائیڈنگ والے علاقوں میں سڑکوں کی بحالی کم سے کم وقت میں ہونی چاہیے، ریسکیو ادارے پی ڈی ایم اے کے ساتھ کوارڈی نیشن میں ہیں، ہنگامی صورتحال میں پی ڈی ایم اے کی ہیلپ لائن 1129 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 46

ترجمان میتھیو ملر نے زور دیا ہے کہ طالبان یقینی بنائیں کہ افغان سرزمین دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہو، بین الاقوامی قانونی حیثیت کے لیے طالبان کو وعدے پورے کرنا ہوں گے۔ ترجمان امریکی محکمہ خارجہ نے کہا کہ چاہتے ہیں کہ افغانستان دوبارہ کبھی دہشت گردوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ نہ بنے، خاص طور پر ان کے لیے جو امریکا یا اس کے اتحادیوں کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ ہم انسداد دہشت گردی پر پاکستانی رہنماو?ں کے ساتھ باقاعدہ رابطے میں ہیں، امریکا اور پاکستان انسداد دہشت گردی ڈائیلاگ سمیت افغانستان پر بات کرتے رہتے ہیں۔

بقیہ 47

نے کہا کہ ایک سال سے بجلی کاٹ دی ہے لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ وکیل پیسکو نے کہا کہ لوگ بل نہیں دیتے اس وجہ سے بجلی کاٹ دی ہے۔ جسٹس شکیل احمد نے ریمارکس دیے کہ آپ کو لوگوں کی تکلیف کا احساس کرنا چاہیے، بجلی نہیں ہوگی تو بہت سے مسائل ہوتے ہیں، بجلی چوری میں آپ کے ڈیپارٹمنٹ کے لوگ ملوث ہے کیا آپ کو پتہ نہیں ہے؟ ادارے والے کام نہیں کرتے اس وجہ سے نقصان بھی ہو رہا ہے۔ جسٹس شکیل احمد نے ریمارکس دیے کہ تھوڑا سا احساس کریں تو پھر کچھ ٹھیک ہو سکتا ہے، جو لوگ بل نہیں دیتے ان کے خلاف کارروائی کریں لیکن جو بل دے رہے ہیں ان کو تو بجلی دیں، جو لوگ بل دیتے ہیں ان کو آپ کس بات کی سزا دے رہے ہیں۔ جسٹس صاحبزادہ اسداللہ نے ریمارکس میں کہا کہ جب آپ بجلی دیں گے تو لوگ بل جمع کریں گے، جب آپ بجلی نہیں دے دیں گے تو لوگ بل کہا سے دیں گے۔ درخواست گزار صارف نے کہا کہ ایک سال سے ہمارے علاقے کی بجلی منقطع ہے، بجلی نہ ہونے کی وجہ سے بہت مشکلات ہے، خودکشی پر مجبور ہو گئے ہیں۔ عدالت نے پیسکو سے آئندہ سماعت پر رپورٹ طلب کر لی۔ عدالت نے کہا کہ آپ رپورٹ جمع کرائیں آئندہ سماعت پر ہم اس کیس کا فیصلہ کریں گے۔ سماعت 30 اپریل تک ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ 48

کلو منشیات ضبط ہوئیں۔ ملک بھر سے 6 کلو ہیروئن، 538 کلو حشیش، 276 کلو میتھ اور 47 کلو افیون برآمد ہوئی۔ بلوچستان سے 376 کلو حشیش اور 275 کلو میتھ برآمد ہوئی اور گلگت بلتستان سے 67 کلو حشیش اور 45 کلو افیون، جبکہ سندھ سے 95 کلو حشیش برآمد ہوئی۔ متعلقہ اداروں نے ملک بھر سے 19 مجرمان بھی گرفتار کیے، ملک کو منشیات سے مکمل پاک کرنے کے لیے متعلقہ ادارے اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 49

پر سماعت کی، درخواست گزار کی جانب سے ندیم سرور ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ وفاقی وزیر خواجہ آصف نے علامہ اقبال کی والدہ امام بی بی کے نام سے منسوب ہسپتال کو اپنے والد کے نام سے تبدیل کیا، نواز شریف اور شہباز شریف سمیت دیگر سیاستدانوں کے نام پر سرکاری عمارتیں اور سڑکیں ہیں۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ عوامی پیسے کو ذاتی تشہیر پر استعمال نہیں کیا جا سکتا، سرکاری عمارتوں کو قومی ہیروز، سائنس اور ادب کی دنیا میں اعلیٰ نام رکھنے والے افراد کے نام سے منسوب کیا جا سکتا ہے۔ درخواست میں عدالت عالیہ سے استدعا کی گئی کہ سرکاری عمارتوں، پارکس اور ہسپتالوں کے نام سیاست دانوں سے منسوب کرنے کا اقدام غیر قانونی قرار دیا جائے۔ دوران سماعت جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس میں کہا کہ غیر ضروری درخواستوں کی وجہ سے عدالت کا وقت ضائع ہوتا ہے۔ بعدازاں لاہور ہائیکورٹ نے سرکاری عمارتوں کو سیاسی شخصیات کے ناموں سے منسوب کرنے کے خلاف درخواست ناقابل سماعت قرار دے کر مسترد کر دی۔

بقیہ 50

شراب، گوجرخان پولیس نے ملزم عابد سے 40 لیٹر شراب، ٹیکسلا پولیس نے ملزم بلال سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم باسط سے 43 پتنگیں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 51

سیاست سے ہوگا۔ اپنے بیان میں انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان طوفانی بارشوں کی زد میں ہے، پورے ملک میں اگلے چند روز میں غیر معمولی بارشوں کی پیشگی اطلاعات ہیں، اللہ کریم پاکستان کو اپنی حفظ و امان میں رکھیں۔

بقیہ 52

اور کہا کہ دکاندار سمیت تمام لوگ پلاسٹک بیگ استعمال نہ کر کے نیکی مہم میں ساتھ دیں، گھروں میں پلاسٹک کی اشیا اور برتن استعمال نہ کریں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ماحول کو بہتر بنانا ہم سب کی زندگی اور موت کا معاملہ ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ متعلقہ حکام پلاسٹک بیگز کے استعمال پر پابندی یقینی بنائیں گے، طالب علموں اور تعلیمی اداروں میں خصوصی لیکچرز اور تربیتی ورکشاپس ہوں گی۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ انسانی صحت کو پلاسٹک سے ہونے والے نقصانات سے آگاہ کیا جائے گا۔

بقیہ 53

پنے دفتر میں موجود تھے، ٹیلی فون پر کسی سے گفتگو کے بعد حاجی محمد یوسف نے اسمبلی کی عمارت سے چھلانگ لگا کر خودکشی کی کوشش کی۔

بقیہ 54

ورثے کے مقامات کو محفوظ رکھا جا سکے، اس دن کو یادگاروں اور تاریخی مقامات کے دن کے نام سے بھی جانا جاتا ہے اور یہ تسلیم شدہ غیر معمولی ثقافتی اور قدرتی مقامات کا عالمی سطح پر جشن ہے۔ اس وقت مختلف ممالک کے 2673 مقامات عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل ہیں جن میں 933 ثقافتی، 227 قدرتی اور 39 مخلوط خصوصیات کے حامل ہیں جبکہ 56 مقامات کو خطرہ یعنی مٹنے کے قریب بتایا گیا ہے، پاکستان کے 32 مقامات عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل ہیں۔ اقوام متحدہ نے دریافت کریں اور طرح طرح کا تجربہ کریں کو اس برس کا موضوع قرار دیا ہے، آج کے روز ہمیں اس موضوع پر غور کرنے اور ان ناقابل تلافی خزانوں کے ساتھ مشغول ہونے کا موقع ملے گا۔ پاکستان میں بھی سیکڑوں کی تعداد میں تاریخی مقامات ہیں جن میں سے 6 مستقل اور 26 عارضی مقامات عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل ہیں، ان میں لاہور کا شالامار باغ، شاہی قلعہ، موہنجو داڑو کے آثار قدیمہ، تخت بھائی میں بدھ مت کے کھنڈرات، ٹھٹھہ کا مکلی قبرستان اور قلعہ روہتاس ہے۔ حکومتی سطح پر تہذیب و ثقافت اور تاریخی عمارات کے تحفظ، بچاؤ اور ان کی موجودہ حالت کو برقرار رکھنے کیلئے اقدام کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 55

رواں سال زرعی شعبے نے مضبوط کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے، ترسیلات زر سمیت معیشت کے اہم اشاریے بہتر کارکردگی کی عکاسی کر رہے ہیں۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ حکومت آئی ایم ایف کے ساتھ ایک وسیع تر توسیعی پروگرام میں شامل ہونے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 56

کے "گو زرداری گو" کے نعرے لگاتے رہے تاہم صدر مملکت نے اپنا خطاب جاری رکھا۔

چوری شدہ کار بازیاب ملزمان کی پولیس پر فائرنگ

راولپنڈی سکیم تھری سے چوری ہونے والی کار کے مالک کی 15 پر کال گوجرخان پولیس کی بروقت کارروائی گاڑی برآمد ملزمان فرار

شہری کا راولپنڈی پولیس وایس ایچ او گوجرخان سمیت تمام ٹیم کو خراج تحسین قانونی تقاضے پورے کرنے بعد گاڑی مالک کے سپرد

گوجرخان (قمر شہزاد) ایس ڈی پی او گوجرخان سلیم خٹک اور ایس ایچ او ملک کاشف اور ٹیم کی راولپنڈی سکیم تھری سے چوری ہونے والی کار کے متعلق 15 پر کال چلنے کے بعد بروقت کارروائی سے کار لفٹروں کو گاڑی سمیت سروس روڈ رشید سویٹ کے قریب روک لیا ملزمان نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی گوجرخان پولیس نے بھی جوابی فائرنگ کی تاہم ملزمان گاڑی کو ٹرک اڈے میں موجود سروس سٹیشن کے پاس چھوڑ کر گلیوں میں فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے جبکہ پولیس حکام کی جانب سے ملزمان کے زخمی ہونے کا بھی دعوٰی کیا گیا پولیس پارٹی نے ملزمان کا پیچھا کیا مگر وہ چکمہ دیکر راہ فرار اختیار کر گئے جبکہ واقعہ کی خبر سوشل میڈیا پر چلتے (بقیہ نمبر 29)

مختلف واقعات میں 2 خواتین کو تشدد کے بعد قتل کر دیا گیا

رائے ونڈ میں شوہر اشفاق نے مبینہ طور پر بیوی کو گلے پر چھری کے وار کر کے قتل کر ڈالا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت میں دو مختلف واقعات میں 2 خواتین کو تشدد کے بعد قتل کر دیا گیا، پولیس نے واقعات کی تحقیقات شروع کر دیں۔ پولیس کے مطابق رائے ونڈ کے علاقہ میں شوہر نے مبینہ طور پر بیوی کو تشدد کے بعد قتل کر دیا۔ ملزم اشفاق نے بیوی آسیہ بی بی کو پہلے استری سے تشدد کا نشانہ بنایا، پھر ملزم نے گلے پر چھری کے وار کر کے (بقیہ نمبر 30)

مت پنجاب چیئر پرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد یو ایس ایمبیسی اسلام آباد کی سیکنڈ سیکرٹری سپینسر سلیبر کو ملاقات کے موقع پر شیلڈ دے رہی ہیں

سیاسی قیادت، اداروں، سول سوسائٹی اور نوجوانوں کی صلاحیتوں پر پورا اعتماد ہے

آپ ہماری قوم کو درپیش متعدد چیلنجز سے کامیابی کے ساتھ نمٹ سکتے ہیں، صدر زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ سیاسی قیادت، اداروں، سول سوسائٹی اور نوجوانوں کی صلاحیتوں پر پورا اعتماد ہے، آپ ہماری قوم کو درپیش متعدد چیلنجز سے کامیابی کے ساتھ نمٹ سکتے ہیں۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب میں آصف علی زرداری نے کہا کہ مجھے سیاسی قیادت، اداروں، سول سوسائٹی اور نوجوانوں کی صلاحیتوں پر پورا اعتماد ہے، آپ ہماری قوم کو درپیش متعدد چیلنجز سے کامیابی کے (بقیہ نمبر 33)

تعلیمی نصاب میں بھی ٹریفک قوانین کو شامل کر دیا گیا ہے

بچے دوسرے نصاب کی طرح ٹریفک نصاب کو بھی باقاعدگی سے پڑھیں گے' ایڈیشنل آئی جی ٹریفک

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کے احکامات پر صوبہ بھر کی ایجوکیشن ٹیموں کو متحرک کر دیا۔ ترجمان ٹریفک پولیس پنجاب کے مطابق صوبہ بھر میں ٹریفک پولیس کی 70 سے زائد ایجوکیشن ٹیمیں کام کر رہی ہیں، رواں سال ایجوکیشن ٹیمز نے صوبہ بھر میں 17 ہزار سے زائد لیکچر دیے ہیں۔ ایجوکیشن ٹیموں نے 7 ہزار سے زائد روڈ سیفٹی آگاہی مہم کا انعقاد کیا ہے۔ اس حوالے سے ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے کہا کہ ایجوکیشن ٹیموں کا مقصد لوگوں کو ٹریفک قوانین کے بارے میں بتانا ہے، ایجوکیشن ٹیم کے ذریعے ہم حادثات میں کمی لا سکتے ہیں۔ ایجوکیشن ٹیمیں (بقیہ نمبر 35)

محکمہ میں خود احتسابی کا عمل جاری جو بنیادی اہمیت کا حامل ہے، سید شہزاد ندیم بخاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا محکمہ میں خود احتسابی کا عمل جاری جو بنیادی اہمیت کا حامل ہے جبکہ رشوت ستانی اور اختیارات سے تجاوز پر زیرو ٹالرینس پالیسی اپنائی جائے گی۔ وہ بدھ کو یہاں طلباء کے وفد سے گفتگو کر رہے تھے۔ تفصیلات کے مطابق طلباء کے وفد نے ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری سے ملاقات کی، ملاقات میں طلباء کو اسلام آباد کیپیٹل (بقیہ نمبر 31)

پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا اور تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیموں کی کارروائی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا اور تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیموں نے راہزنی اور چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہوں کے دو ارکان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے مسروقہ قیمتی موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن (بقیہ نمبر 32)

20 سالہ لڑکے کو اغواء کرنے والے 03 اغوء کار گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) سول لائنز پولیس کی کارروائی کے دوران 20 سالہ لڑکے کو اغواء کرنے والے 03 اغوء کار گرفتار، چھینی گئی رقم 02 لاکھ روپے، 02 موبائل فون اور واردات میں استعمال ہونے والے 02 موٹر سائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس کو متاثرہ لڑکے کے والد نے درخواست دی کہ اس کے بیٹے سلیمان کو نامعلوم اشخاص نے اغواء کیا اور رقم چھین لی، سول لائنز پولیس نے فوری مقدمہ درج کر کے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جنیس کی مدد سے 03 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں فیصل شہزاد، عامر اسلام اور عبد الحمید شامل ہیں، ملزمان (بقیہ نمبر 34)

سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب 22 اپریل کو ارتھ ڈے کے موقع پر ماحول دوست ویژن کے تحت اقدامات پر عملدرآمد کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن ریفرنس پرویز الٰہی کے شریک ملزم نے پلی بارگین کر لی

احتساب عدالت کا ملزم حبیب قاسم کو رہا کرنے کا حکم، پرویز الٰہی و دیگر کیخلاف سماعت 9 مئی تک ملتوی

عدالت نے ریفرنس کی صاف کاپیاں فراہم کرنے کی درخواست پر وکلاء سے آئندہ سماعت پر دلائل طلب کر لئے

لاہور (این این آئی) پنجاب کے ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن ریفرنس میں بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کے شریک ملزم حبیب قاسم نے 67 لاکھ روپے کی پلی بارگین کر لی۔ احتساب عدالت کے جج زبیر شہزاد کیانی نے ملزم کی 67 لاکھ روپے پلی بارگین کی درخواست منظور کر لی، جس کے بعد ملزم کو رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ (بقیہ نمبر 36)

''اسی پنجاب چ وسدے آں تے پنجاب ساڈے دل چ وسدا اے''

وزیر اعلیٰ مریم نواز کے پنجابی میں خطاب نے سکھ یاتریوں کے دل مول لئے

نارووال (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے پنجابی میں خطاب نے سکھ یاتریوں کے دل مول لیے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز بیساکھی میلہ میں شرکت کے لیے کرتار پور پہنچیں اور انہوں نے بھارت اور دیگر ملکوں سے بیساکھی میلہ میں شرکت کے لیے دربار صاحب کرتار پور آنے والے سکھ یاتریوں سے خوب صورت انداز اور (بقیہ نمبر 37)

لودھراں، کانسٹیبل کی لڑکی سے مبینہ زیادتی، مقدمہ درج

ملزم سے فیس بک پر دوستی ہوئی، شادی کا جھانسہ دے کر ملنے کیلئے بلایا تھا، مقدمہ

لودھراں (این این آئی) لودھراں میں وارڈ نمبر 23 میں پولیس کانسٹیبل کی لڑکی سے مبینہ زیادتی، متاثرہ لڑکی کی مدعیت میں کانسٹیبل مختار کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ مقدمے کے متن کے مطابق لڑکی نے کہا کہ ملزم سے فیس بک پر دوستی ہوئی، شادی کا جھانسہ دے کر ملنے کیلئے بلایا تھا۔ ملزم نے نازیبا تصاویر بنائیں، بلیک میل کر کے متعدد بار زیادتی کی، دو لاکھ کیش بھی وصول کیا۔ پولیس نے کہا کہ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، ملزم نے عبوری ضمانت کروا رکھی ہے۔ تفتیشی افسر نے موقف اختیار کیا کہ کانسٹیبل مختار کو معطل کر دیا گیا ہے

فواد چودھری کی عبوری ضمانتوں کے متعلق تحریری فیصلہ جاری

فواد چوہدری کی سات دن کی مہلت کا وقت 18 اپریل سے شروع ہوگا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیر فواد چودھری کی عبوری ضمانتوں کی درخواست کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے دو صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا، عدالت نے 36 کیسز میں عبوری ضمانت دائر کرنے کے لیے فواد چوہدری کو سات دن کی مہلت دے دی، عدالت (بقیہ نمبر 39)

ملت ایکسپریس واقعے کی ابتدائی انکوائری مکمل، کانسٹیبل میر حسن خاتون پر تشدد کا ذمہ دار قرار

اسلام آباد (این این آئی) ملت ایکسپریس میں خاتون پر تشدد اور ہلاکت کے معاملے کی ابتدائی انکوائری مکمل کر کے رپورٹ ریلوے حکام کو بھیج دی گئی۔ انکوائری رپورٹ کے مطابق ٹرین کا عملہ، عینی شاہدین اور کچھ مسافروں کے بیانات لیے گئے، انکوائری میں ایس ایچ او حیدرآباد اور اے ایس آئی کی غفلت بتائی گئی، رپورٹ کے مطابق خاتون کی ہلاکت کے وقت تشدد کرنے والا کانسٹیبل (بقیہ نمبر 38)

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس، بلاول اور آصفہ توجہ کا مرکز بن گئے

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں بلاول بھٹو اور آصفہ بھٹو توجہ کا مرکز بن گئے، حکومتی ارکان بار بار ان کی نشست پر جا کر ان سے ملتے رہے، بلاول بھٹو اور آصفہ بھٹو زرداری پہلی نشست پر بیٹھے رہے۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے دوران 4 بجکر 14 منٹ پر وزیر اعظم شہباز شریف ایوان میں آئے جس پر لیگی اراکین نے ڈیسک بجا کر استقبال کیا۔ 4 بجکر (بقیہ نمبر 40)

فوری ضرورت
عوامی للکار
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com

صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری ہربنس پورہ میں تنور پر روٹی کی قیمت کا جائزہ لے رہی ہیں

سرکاری گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق

وزیر اعلیٰ نے واقعے کا نوٹس لے لیا، گاڑی کی نشاندہی، ملزمان کی گرفتاری کا حکم جاری

لاہور/نارووال (این این آئی) سرکاری گاڑی کی مبینہ ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق ہو گیا، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے گاڑی کی نشاندہی اور ملزمان کی گرفتاری کا حکم جاری کر دیا۔ یہ افسوسناک واقعہ چندووال کے قریب پیش آیا۔ بیس سالہ ابو بکر موٹر (بقیہ نمبر 41)

ایم ایس ڈاکٹر سرمد کیانی کے نانا کی وفات پر اظہار تعزیت

پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے ممبران نے انکے آفس میں جا کر اظہار افسوس کیا

گوجرخان (قمر شہزاد) ایم ایس تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان ڈاکٹر سرمد کیانی کے نانا کی وفات پر تعزیت کرنے والوں کا سلسلہ جاری اس سلسلے میں پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے ممبران نصیر بھٹی، قمر شہزاد، تیمور خان بوبی، فیصل، نے آفس میں جا کر انکے نانا کی روح کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور اظہار افسوس کیا اس (بقیہ نمبر 42)

وزیر کھیل وامور نوجوانان پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر 180 نتھووال تحصیل شاہ کوٹ سٹیڈیم اور باؤنڈری وال کا افتتاح کر رہے ہیں، ڈی جی سپورٹس پرویز اقبال ودیگر بھی ہمراہ ہیں

متعدد دیہاتوں کو شہر سے ملانے والا پل مسیحا کا متلاشی

اس پل پر بار ہا توجہ مبذول کروانے کے باوجود حکام ٹس سے مس نہیں ہوئے

ہیوی ٹریفک کی واحد گزرگاہ انتہائی خستہ حالی کا شکار بنیادیں انتہائی کمزور ہو گئیں

گوجرخان (قمر شہزاد) شرقی علاقے کے متعدد دیہاتوں کو گوجرخان سے ملانے والی شاہراہ پر مطوعہ ندی کانسی کے مقام پر بنا پل انتہائی خستہ حالی کا شکار جسکی پشتیں عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار پلرز کی بنیادیں کمزور ہو گئیں متعدد بار عارضی لیپا پوچی کر کے یہاں چھوٹی بڑی ہر قسم کی ٹریفک کے لیے گزارے لائق چلایا ہوا ہے جو کہ کسی بھی وقت کسی بڑے سانحہ کا سبب بن سکتا ہے گزشتہ سال بھی اس مسئلے پر حکام بالا کی توجہ مبذول کروانے کے باوجود اس اہم معاملے پر کسی بھی قسم کی کوئی پیش رفت نہ ہو سکی جو کہیں قیمتی جانوں کے ضیاع کا سبب بن سکتا ہے یاد رہے کہ یہ شرقی علاقے کے گنجان آباد علاقے کو شہر سے ملانے کا واحد پل ہے (بقیہ نمبر 43)

ٹوکن ٹیکس نادہندہ 515 گاڑیوں کی رجسٹریشن معطل

گاڑی مالکان کے ذمے 51 لاکھ کا ٹیکس واجب الادا ہے' محکمہ ایکسائز

لاہور (این این آئی) ٹوکن ٹیکس ڈیفالٹرز کے خلاف ایکسائز کا بڑا ایکشن، ٹوکن ٹیکس نادہندہ 515 گاڑیوں کی رجسٹریشن معطل کر دی گئی۔ ڈائریکٹر موٹرز چودھری آصف کے مطابق گاڑی مالکان کو نوٹسز بھی گھر کے ایڈریس پر بھجوائے گئے، نوٹسز کے باوجود کئی سال سے ڈیفالٹرز کی جانب سے ٹیکس ادا نہیں کیا گیا۔ گاڑی مالکان کے ذمہ کئی سال سے ٹوکن ٹیکس واجب ادا ہے۔ معطل شدہ 515 گاڑی مالکان کے ذمے 51 لاکھ کا ٹیکس واجب الادا ہے۔ 15 روز میں ٹیکس جمع نہ کروانے پر 100 فیصد جرمانے (بقیہ نمبر 44)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین کو ڈائریکٹوریٹ آف کنزیومر پروٹیکشن کونسل کے دورے کے موقع پر شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

پنجاب میں بادل برسانے والا سسٹم داخل ہو گیا

21 اپریل تک بارشیں ہوں گی، ژالہ باری کا بھی امکان ہے' محکمہ موسمیات

لاہور (این این آئی) پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے الرٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی دارلحکومت سمیت پنجاب میں بادل برسانے والا سسٹم داخل ہو گیا جس کی وجہ سے 21 اپریل تک بارشوں اور ژالہ باری کا امکان ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق راولپنڈی، گوجرانوالا، لاہور، فیصل آباد، سرگودھا، ڈی جی خان، ملتان، ساہیوال اور بہاولپور ڈویژن میں بارش ہو گی، ڈی جی خان، کوہ سلیمان کے ندی نالوں میں طغیانی کے امکانات ہیں، مری اور گلیات میں بارش کے باعث لینڈ سلائیڈنگ ہو (بقیہ نمبر 45)

خانہ بدوش بچہ گندگی کے ڈھیر سے کار آمد اشیاء تلاش کر رہا ہے

میونسپل کارپوریشن سرگودھا، فرائض میں غفلت برتنے پر 5 اہلکار معطل

مثالی کارکردگی پر ریکوری اہلکاروں کو تعریفی اسناد اور ایک کو ترقی دے دی گئی

سرگودھا (این این آئی) میونسپل کارپوریشن سرگودھا میں سرکاری فرائض میں غفلت برتنے پر 5 اہلکاروں کو معطل کر کے محکمانہ تحقیقات کا حکم دے دیا گیا جبکہ شاندار کارکردگی پر دو اہلکاروں کو تعریفی اسناد اور ایک اہلکار کو ترقی سے نوازا گیا۔ ذرائع کے مطابق کمشنر وایڈمنسٹریٹر محمد اجمل بھٹی نے سرکاری فرائض میں غفلت برتنے پر 5 اہلکاروں کو معطل کر کے جبکہ تمام بلڈنگ انسپکٹرز، رینٹ انسپکٹرز اور اکاؤنٹ اہلکاروں کو ایک ہفتہ می اپنی کارکردگی بہتر بنانے کا حکم دے دیا۔

دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے پاکستانی کوششوں کی حمایت کرتے ہیں

چاہتے ہیں کہ افغانستان دوبارہ کبھی دہشت گردوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ نہ بنے، امریکہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے کہا ہے کہ پاکستانیوں نے دہشت گردوں کے ہاتھوں بہت نقصان اٹھایا ہے۔ جاری کیے گئے اعلامیے میں ترجمان امریکی محکمہ خارجہ نے کہا کہ کسی بھی ملک کو دہشت گردی کا شکار نہیں ہونا چاہیے، دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے پاکستان کی کوششوں کی حمایت کرتے ہیں۔ امریکی محکمہ خارجہ کے (بقیہ نمبر 46)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

بجلی چوری کارخانہ دار کرتا ہے عام صارف نہیں، پشاور ہائیکورٹ

ہ بجلی چوری عام صارف نہیں کر رہا اور جو لوگ کر رہے ہیں ان پر آپ ہاتھ نہیں ڈالتے

تھوڑا سا احساس کریں تو پھر کچھ ٹھیک ہو سکتا ہے، جو لوگ بل نہیں دیتے ان کے خلاف کارروائی کریں، جسٹس شکیل احمد

پشاور (این ای این) ہائیکورٹ کے جسٹس شکیل احمد نے بجلی کاٹنے سے متعلق کیس میں ریمارکس دیے کہ بجلی چوری عام صارف نہیں کر رہا اور جو لوگ کر رہے ہیں ان پر آپ ہاتھ نہیں ڈالتے، بجلی چوری کارخانہ دار کرتا ہے اور تکلیف عوام کو دے رہے ہیں۔ متنی کے علاقے کی بجلی کاٹنے کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کے دوران۔ وکیل درخواست گزار عدنان خان یوسفزئی ایڈووکیٹ (بقیہ نمبر 47)

صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین روٹی اور نان کی نوٹیفائیڈ قیمت پر دستیابی یقینی بنانے کے لئے مارکیٹس کا دورہ کر رہے ہیں

10 لاکھ سے زائد کلو منشیات ضبط، ایک ہزار 244 منشیات فروش گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان اور عسکری قیادت نے منشیات فروشوں کے خلاف سخت کارروائی کا آغاز کر دیا، آپریشن کے دوران متعلقہ اداروں نے ملک بھر سے 10 لاکھ 24 ہزار 399 کلو منشیات ضبط کیں اور ایک ہزار 244 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا۔ تفصیلات کے مطابق 7 سے 14 اپریل کے دوران بلوچستان سے 651، گلگت بلتستان سے 115، پنجاب سے 5 اور سندھ سے 97 (بقیہ نمبر 48)

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، 08 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 08 ملزمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق پیرودہائی پولیس نے ملزم شکیل سے 540 گرام چرس، ریس کورس پولیس نے ملزم معین الدین سے 600 گرام چرس، سول لائنز پولیس نے ملزم وقاص سے 520 گرام چرس، نیوٹاؤن پولیس نے ملزم عامر سے 09 بوتل شراب، ریس کورس پولیس نے ملزم شاہیر اشرف سے 10 لیٹر (بقیہ نمبر 50)

غیر ضروری درخواستوں کی وجہ سے عدالت کا وقت ضائع ہوتا ہے' ہائیکورٹ

سیاستدانوں کے نام سے سرکاری عمارتوں کو منسوب کرنے کیخلاف درخواست مسترد

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سیاست دانوں کے نام سے سرکاری عمارتوں، شاہراہوں اور دیگر مقامات کو منسوب کرنے کیخلاف درخواست مسترد کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جج جسٹس شاہد کریم نے شہری مشکور حسین کی درخواست (بقیہ نمبر 49)

جگ ہنسائی سے بچا جائے، سعد رفیق کا ایکس پر پابندی ختم کرنے کا مطالبہ

اگلے چند روز غیر معمولی بارشوں کی پیشگی اطلاعات ہیں، اللہ کریم پاکستان کو حفظ وامان میں رکھیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے ایکس پر پابندی ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ نگران دور میں لگائی گئی اس پابندی کا کسی کو کو فائدہ نہیں ہوا، جگ ہنسائی سے بچا جائے، سیاست کا مقابلہ صرف (بقیہ نمبر 51)

پنجاب میں 5 جون سے پلاسٹک تھیلوں پر پابندی کا اعلان

22 اپریل کو ارتھ ڈے منایا جائے گا اور ''پلاسٹک کو ناں'' مہم کا آغاز ہوگا، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب

لاہور: وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ خواجہ پریس کانفرنس کر رہی ہیں، سیکرٹری جنرل ڈیجیٹل کوآپریشن آرگنائزیشن دیا ایبی بھی موجود ہیں

لاہور (این ای این) پنجاب بھر میں 5 جون سے پلاسٹک تھیلوں کے استعمال پر پابندی کا اعلان کر دیا گیا۔ پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں انہوں نے کہا کہ پلاسٹک تھیلوں پر پابندی کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب نے منظوری دے دی ہے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ 22 اپریل کو ارتھ ڈے منایا جائے گا اور ''پلاسٹک کو ناں'' مہم کا آغاز ہوگا۔ پلاسٹک بیگز کی تیاری، ترسیل اور استعمال پر مکمل پابندی یقینی بنائیں گے۔ عوام خود کو کینسر سے بچانے کے لیے پلاسٹک بیگ استعمال نہ کریں۔ انہوں نے کپڑے اور کاغذ کے تھیلے استعمال کرنے کی اپیل کی (بقیہ نمبر 52)

''چیف منسٹر لاہور ری ویمپنگ پلان'' کے لئے 30 جون کی ڈیڈ لائن مقرر

بلدیہ عظمیٰ کی 188 اور واسا کی 207 سکیمیں مکمل ہوں گی' وزیر بلدیات

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیر صدارت ایک اجلاس میں ''چیف منسٹر لاہور ری ویمپنگ پلان'' کی تکمیل کے لئے 30 جون کی ڈیڈ لائن مقرر کرنے اور محکمہ بلدیات پنجاب کا بطور تعمیراتی ایجنسی اختیار بلدیہ عظمیٰ کو منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں ''ثقافتی ورثہ'' کا عالمی دن منایا گیا

اس دن کو منانے کا مقصد قدیم تہذیبوں، ثقافت، ورثے اور آثار قدیمہ کو محفوظ بنانا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ثقافتی ورثہ کا عالمی دن منایا گیا، اس دن کو منانے کا مقصد قدیم تہذیبوں، ثقافت، ورثے اور آثار قدیمہ کو محفوظ بنانا اور ان سے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق عالمی ثقافتی ورثہ کا دن ہر سال 18 اپریل کو منایا جاتا ہے تا کہ انسانی ورثے، تنوع، دنیا بھر میں تعمیر شدہ یادگاروں اور ثقافتی (بقیہ نمبر 54)

پنجاب اسمبلی کے ملازم کی اسمبلی عمارت کی سے چھلانگ لگا کر خودکشی کی کوشش

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کے ملازم نے نامعلوم وجوہات کی بناء پر اسمبلی عمارت کی چھلانگ لگا دی جنہیں شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ اسسٹنٹ حاجی محمد یوسف نے پنجاب اسمبلی کی پرانی عمارت سے چھلانگ لگائی اور سر کے بل زمین پر گرنے سے شدید زخمی ہو گئے۔ اسمبلی ملازمین نے فوری طور ریسکیو والوں کو اطلاع دی جنہیں شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ساتھی ملازمین کے مطابق حاجی محمد یوسف صبح معمول کے مطابق ا (بقیہ نمبر 53)

پیٹرول ڈلوا کر فرار ہونے والی گاڑی پر گارڈ کی فائرنگ سے دو راہگیر خواتین زخمی

لاہور (این این آئی) پیٹرول ڈلوا کر فرار ہونے والی گاڑی پر گارڈ کی فائرنگ سے دو راہگیر خواتین زخمی ہو گئیں۔ گارڈن ٹاؤن میں واقع پیٹرول پمپ پر نوسر بازوں نے گاڑی میں فیول ٹینک فل کروایا، پیٹرول کی رقم دیے بغیر ہی نوسر بازوں نے گاڑی بھگا دی جس پر گارڈ نے فائرنگ کر دی، گاڑی سوار نوسر باز بچ نکلے تاہم دو راہگیر خواتین گولیوں کی زد میں آ گئیں جنہیں سروسز ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے گارڈ کو حراست میں لے لیا۔

وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان گلبر خان نے وفاقی وزیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان وسیفران انجینئر امیر مقام سے ملاقات کی

مہنگائی کے دباؤ میں کمی آئی اور شرح مبادلہ مستحکم ہے' وزیر خزانہ

حکومت ملک میں پائیدار اقتصادی ترقی اور نمو کے لیے اصلاحات کے پروگرام میں پرعزم ہے

واشنگٹن ڈی سی میں پاکستان کی اقتصادی پالیسی آؤٹ لک پر جے پی مورگن سیمینار سے وزیر خزانہ کا خطاب

اسلام آباد/واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ مہنگائی کے دباؤ میں کمی آئی اور شرح مبادلہ مستحکم ہے جبکہ تجارتی خسارہ میں کمی آ رہی ہے۔ واشنگٹن ڈی سی میں پاکستان کی اقتصادی پالیسی آٹ لک پر جے پی مورگن سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت ملک میں پائیدار اقتصادی ترقی اور نمو کے لیے اصلاحات کے پروگرام میں پرعزم ہے۔ انہوں نے ٹیکسیشن، توانائی اور نجکاری کے تین اہم اصلاحاتی شعبوں کا خاکہ بھی پیش کیا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ (بقیہ نمبر 55)

صدر زرداری کا خطاب، اپوزیشن کا احتجاج اور شور شرابا

اپوزیشن اراکین اسپیکر ڈائس کا گھیراؤ کر کے گو زرداری گو کے نعرے لگاتے رہے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری کے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کے دوران اپوزیشن کی جانب سے شدید احتجاج اور نعرے بازی کی گئی۔ جمعرات کو ہونے والے اجلاس میں ارکان سینیٹ اور قومی اسمبلی، وزیر اعظم شہباز شریف، آصفہ بھٹو زرداری، بلاول بھٹو زرداری بھی ایوان میں موجود تھے۔ علاوہ ازیں مختلف ممالک کے سفیر بھی گیلریز میں موجود رہے جبکہ پی ٹی آئی ارکان بانی پی ٹی آئی عمران خان کے پوسٹر اٹھائے ایوان میں آئے۔ صدر مملکت آصف زرداری کی تقریر کے دوران اپوزیشن نے ہنگامہ کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی کیلئے نعرے لگائے۔ صدر مملکت کے پارلیمنٹ سے خطاب کے دوران اپوزیشن اراکین اسپیکر ڈائس کا گھیراؤ کر (بقیہ نمبر 56)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوایں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035